Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد نمبر 17 | جمعہ، 22 مئی 2026، 05 ذوالحجہ 1447 ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 40

چین کی تعمیر و ترقی دیگر ممالک کیلئے قابل تقلید ہے، وزیراعظم

دنیا میں پاک، چین کثیرالجہتی تعاون، پرامن بقائے باہمی اور جامع ترقی کے اصولوں پر کاربند ہیں' پاک چین سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ پر پیغام

پاکستان، چین کے سفارتی تعلقات پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، چین کی ترقی اور تبدیلی ترقی پذیر ممالک کیلئے باعثِ تحریک اور قابل تقلید ہے

اسلام آباد(این ای این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سی پیک نے ملک کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، توانائی کے تحفظ اور صنعتی تعاون میں کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ،چین کے سفارتی تعلقات پر دل (بقیہ نمبر2)

کالعدم تنظیموں کو کھالیں دینے پر پابندی' مراسلہ جاری

کالعدم تنظیموں کے کارکنوں کو کھالیں جمع کرنے سے روکا جائے' ہدایات

لاہور(این ای این) محکمہ داخلہ پنجاب نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر کالعدم تنظیموں کو قربانی کی کھالیں نہ دینے کی اپیل کردی۔ اس حوالے سے محکمہ داخلہ نے صوبے کے تمام ڈسٹرکٹ پولیس افسران اور ڈپٹی کمشنرز کو مراسلہ بھجوا دیا ہے۔ مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ کالعدم تنظیموں کے کارکنوں (بقیہ نمبر1)

ای سی سی ارکان کی تعداد میں اضافے کی منظوری

دوسری جانب اسپیشل اکنامک زونز (ترمیمی) بل 2026 کی منظوری دے دی

اسلام آباد(این ای این) وزیراعظم نے کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے ارکان کی تعداد میں اضافے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے منظوری کے بعد وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کو ای سی سی میں بطور رکن شامل کر لیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر3)

مریم نواز: ثقافت کا تحفظ، ہنرمندوں کی سرپرستی ترجیح ہے

محکمہ اطلاعات وثقافت صوبہ میں ثقافتی ورثے کے تحفظ کے سرگرم عمل' عالمی یوم ثقافتی تنوع برائے مکالمہ پر پیغام

متنوع ثقافتی ورثہ دنیا بھر میں پنجاب کی پہچان' پنجاب کے ہنرمندوں کی ملکی وبین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی ہمارا عزم

لاہور(این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ثقافت کا تحفظ، ہنرمندوں اور تخلیقی کاروں کی سرپرستی ہماری ترجیح ہے۔ عالمی یوم ثقافتی تنوع برائے مکالمہ وترقی کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ ثقافتی تنوع (بقیہ نمبر4)

فیلڈ مارشل: امن کے حصول تک دہشتگردی کیخلاف لڑتے رہیں گے

شہدا اور غازی قوم کا فخر ہیں، ان کی قربانی ہر پاکستانی کیلئے ایک مقدس امانت ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

50 کو ستارہ امتیاز (ملٹری) اور 12 کو تمغہ بسالت سے نوازا' شہدا کے اہل خانہ نے اعزازات وصول کئے

راولپنڈی (این ای این) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف ان کی مسلسل کوششوں کو سراہا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ ملک بھر میں پائیدار امن واستحکام کے حصول تک دہشت گردی کے خلاف جنگ پورے قومی عزم کے ساتھ (بقیہ نمبر5)

ایبولا وائرس خطرے کی گھنٹی، پاکستان میں ہائی الرٹ جاری

ایئرپورٹس پر یوگنڈا اور کانگو سے آنے والے مسافروں کی خصوصی نگرانی کی جائے، وزارت صحت کی ہدایت

ایبولا ہیمرجک فیور کی علامات ڈینگی وائرس سے ملتی جلتی ہیں، جس کے باعث طبی عملے کو بھی محتاط رہنے کی ہدایات

اسلام آباد (این ای این) افریقی ممالک سے شروع ہونے والے ایبولا وائرس نے پوری دنیا کیلئے خطرے کی گھنٹی بجا دی جبکہ عالمی ادارہ صحت نے وبا کو عالمی سطح پر عوامی صحت کیلئے تشویشناک قرار دے دیا ہے۔ پاکستانی وزارت صحت نیا ایبولا وائرس (بقیہ نمبر6)

سینٹر فار ایرو سپیس اینڈ سیکیورٹی سٹڈیز کی مئی کو بحرانی ماحول میں ثالثی کی بدلتی منطق کے عنوان سے تقریب کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

پنجاب حکومت کا پارکنگ منصوبوں کی تیاری کا فیصلہ

20 سے زائد پارکنگ پلازوں کی تعمیر آئندہ مالی سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کیے جانیکا امکان' لاہور میں زیرزمین پارکنگ پلازوں کی تعداد 7 تک پہنچ جائیگی

اندرون لاہور، والڈسٹی اور مصروف کاروباری علاقوں میں جدید انڈرگراؤنڈ' سمارٹ پارکنگ سسٹمز متعارف کرانیکی تیاریاں شروع' متعلقہ ڈپٹی کمشنرز سے تجاویز طلب

لاہور(این ای این) پنجاب حکومت نے پارکنگ مسئلے کے مستقل حل کیلئے بڑے پیمانے پر پارکنگ انفراسٹرکچر تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے ،اندرون لاہور، والڈسٹی اور مصروف کاروباری علاقوں میں جدید انڈرگراؤنڈ اور سمارٹ پارکنگ سسٹمز متعارف کرانے کی تیاریاں بھی شروع کر دی گئی ہیں، ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے لاہور سمیت صوبے بھر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک دباؤ، غیر قانونی پارکنگ اور بازاروں میں بدترین ٹریفک جام کے مستقل خاتمے کیلئے بڑے منصوبے کی تیاری شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی ہدایت پر لاہور سمیت پنجاب بھر میں پارکنگ پلازوں کیلئے موزوں مقامات کی نشاندہی کا عمل شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے (بقیہ نمبر9)

عصرِ حاضر کی جنگوں کا ماحول تبدیل ہو چکا' کیس لاہور

(کیس) کی مئی کو بحرانی ماحول میں ثالثی کی بدلتی منطق کے عنوان سے تقریب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو سپیس اینڈ سیکیورٹی سٹڈیز (کیس) لاہور نے مئی کو بحرانی ماحول میں ثالثی کی بدلتی ہوئی منطق کے عنوان سے ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کی حیثیت سے کیس لاہور قومی سلامتی کے وسیع تر تناظر میں دلچسپی رکھنے والے محققین اور (بقیہ نمبر7)

کیمبرج کی جانب سے کمپیوٹر سائنس کا پرچہ بھی لیک ہونے کا انکشاف

کراچی(این ای این کیمبرج انٹرنیشنل ایجوکیشن کا کمپیوٹر سائنس کا پرچہ بھی لیک ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کیمبرج کی جانب سے کی گئی ای (بقیہ نمبر8)

شعبہ صحت پاکستان ورلڈ بنک کا تعاون جاری رکھنے کا اعلان

وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی ورلڈ بنک کے نمائندوں سے ملاقات ، پاکستان کے صحت کے شعبے پر تفصیلی گفتگو

عالمی بینک کی پرائمری ہیلتھ کیئر کو بہتر بنانے اور ٹیلی میڈیسن کے فروغ کے لئے عاون کرنے کی بھی یقین دہانی

جنیوا(این ای این) ورلڈ بینک نے پاکستان میں صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے اپنا تعاون جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ورلڈ بنک کے نمائندوں سے ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان کے صحت کے شعبے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق وفاقی وزیر صحت نے ہیلتھ کے شعبے جاری اصلاحات اور اقدام بارے میں ورلڈ بنک کو بتایا جس پر ورلڈ بینک کے نمائندوں نے پاکستان کے نیشنل ہیلتھ سپورٹ پروگرام کو سراہا۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق ورلڈ بینک کے نمائندوں نے پاکستان میں (بقیہ نمبر10)

ایلیمنٹری سکول منہالہ میں منعقدہ ایگزیبیشن میں بہترین کارکردگی پر طلبہ واساتذہ کو اعزازی انعامات وصول

گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول منہالہ کے طلبہ کی شاندار کامیابی

وزیر تعلیم کی جانب سے نامزد کردہ ماڈل پر طلبہ اور اساتذہ کی حوصلہ افزائی

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآ سیدن شاہ کے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول منہالہ کے ہونہار طلبہ نے سائنس ایگزیبیشن میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک اور اعزاز اپنے نام کرلیا۔ سکول کے تیار کردہ سائنس ماڈل کو صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی جانب سے خصوصی انعام کیلئے نامزد کیا گیا تھا، جس کے بعد طلبہ اور ان کی سائنس ٹیچر کیلئے اعزازی انعامات موصول ہوئے۔ سکول انتظامیہ نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم (بقیہ نمبر13)

وانا: دہشتگرد سرغنہ خارجی سمیت 5 دہشتگرد جہنم واصل

ہلاک ہونے والے انتہائی مطلوب دہشت گرد کی شناخت عمر عرف جان میر عرف تور ثاقب کے طور پر ہوئی ہے

ہلاک فتنہ الخوارج کا سرغنہ سکیورٹی فورسز اور شہریوں پر کئی دہشت گرد حملوں کا ماسٹر مائنڈ تھا جس کے سر کی قیمت 30 لاکھ تھی

پشاور(این ای این) شمالی وزیرستان کے علاقے سپن وام میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن میں انتہائی مطلوب دہشت گرد سرغنہ خارجی سمیت پانچ دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کو انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں اہم کامیابی ملی ہے۔ سکیورٹی فورسز نے مربوط حکمت عملی کے تحت دہشت گردوں کو گھیرے میں لے کر جہنم واصل کیا۔ ہلاک ہونے والے انتہائی مطلوب دہشت گرد کی شناخت عمر عرف جان میر عرف تور ثاقب کے طور پر ہوئی ہے۔ خارجی سرغنہ عمر عرف جان میر عرف (بقیہ نمبر14)

بینکس ،مالیاتی ادارے اور سٹاک مارکیٹ آئندہ ہفتے صرف 2 روز کھلے رہیں گے

کراچی(این ای این سٹیٹ بینک، کمرشل بینکس اور سٹاک مارکیٹ آئندہ ہفتے صرف 2 روز کھلے رہیں گے۔ حکومت نے منگل سے جمعرات تک عید قرباں (بقیہ نمبر15)

ایف آئی اے امیگریشن کی پورٹ قاسم پر کارروائی

بھارتی عملے کے 2 ارکان کے مشکوک سی مین بکس پکڑ لئے

کراچی (این ای این) پورٹ قاسم پر ایف آئی اے امیگریشن نے کارروائی کرتے ہوئے بھارتی عملے کے 2 ارکان کے مشکوک سی مین بکس پکڑ لئے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن پورٹ قاسم نے جہاز جے بی یوشیلڈے کی کلیئرنس کے دوران بھارتی عملے کے 2 ارکان کے مشکوک سی مین بکس کی نشاندہی کی۔ ترجمان کے مطابق جہاز انڈونیشیا سے پورٹ (بقیہ نمبر16)

پنکی کے سہولت کاروں کے گرد پولیس کا گھیرا تنگ

پولیس کا ملزمہ کے قریبی ساتھی کی گرفتاری اور تفتیش کیلئے عدالت سے رجوع

کراچی (این ای این پولیس نے انمول عرف پنکی کے سہولت کاروں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا۔ منشیات ڈیلر کوکین کوئین انمول عرف پنکی کی سہولت کاری کے معاملے میں کیس کی سماعت سٹی کورٹ (ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت) کراچی میں ہوئی، جس میں پولیس نے ملزمہ کے قریبی ساتھی کی گرفتاری اور تفتیش کیلئے عدالت سے رجوع کرلیا۔ انمول عرف پنکی کی سہولت کاری (بقیہ نمبر11)

عازمین حج غیر ضروری اور بھاری سامان ساتھ لے جانے سے گریز کریں' ہدایات

اسلام آباد(این ای این) عازمین کو حج انتظامات سے متعلق مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ غیر ضروری اور بھاری سامان ساتھ لے جانے سے گریز کریں اور صرف ضروری (بقیہ نمبر12)

کروڑوں مالیت کی 461 کنال سرکاری اراضی واگزار

قانون شکنی پر بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی' اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب کے سخت احکامات اور کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک کی خصوصی ہدایات پر تحصیل انتظامیہ گوجرخان نے قبضہ مافیا کے خلاف اب تک کی سب سے بڑی اور کامیاب کارروائی عمل میں لائی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (اے ڈی سی) ہیڈ کوارٹر عبدالرحمٰن کی براہ راست زیرنگرانی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ کی قیادت میں ریونیو، اوقاف اور پولیس پیرا فورس کے بھاری جمعیت نے موضع (بقیہ نمبر17)

صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن پنجاب پینشن فنڈ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے 19 ویں سنڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عیدالاضحیٰ' مری مال روڈ پر فیملیوں کے علاوہ اجتماعات پر پابندی

پابندی 20 مئی سے 31 مئی 2026 تک نافذالعمل رہے گی' ضلعی انتظامیہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے دوران سیاحوں کی متوقع بڑی آمد کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر مری نے ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے مال روڈ پر خاندانوں کے علاوہ ہر قسم کے اجتماعات پر پابندی عائد کردی ہے۔ جاری کردہ حکم نامے کے مطابق یہ پابندی 20 مئی سے 31 مئی 2026 تک نافذ العمل رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد امن وامان برقرار رکھنا، ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانا اور کسی بھی (بقیہ نمبر25)

حکومت کا پاور سیکٹر کی ڈیجیٹلائزیشن کیلئے کام شروع

بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز اور ٹرانسمیشن لائنز حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں، وزیر توانائی کی وفد سے گفتگو

کونستانتین لیمیٹووسکی نے کہا کہ بینک کے پاس تقریباً 100 سے 150 ملین ڈالر کی ممکنہ سرمایہ کاری پائپ لائن میں ہے

اسلام آباد(این ای این) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان میں نارتھ ساؤتھ ٹرانسمیشن انفرااسٹرکچر سرمایہ کاری کے اہم مواقع فراہم کرتا ہے، حکومت پاور سیکٹر کی ڈیجیٹلائزیشن اور جدید اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب پر کام کر رہی ہے، ایک کروڑ بجلی کے جدید میٹرز کی مرحلہ وار تنصیب (بقیہ نمبر26)

پاکستان کا سعد ایدھی سمیت تمام کارکنوں کی رہائی کا مطالبہ

زیرحراست افراد میں پاکستانی کارکن سعد ایدھی کے شامل ہونیکی بھی اطلاعات ہیں

اسلام آباد(این ای این) پاکستان نے گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعد ایدھی کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی سمندری حدود میں اسرائیلی (بقیہ نمبر27)

پنجاب بھر میں گرمیوں کی چھٹیوں کے آغاز پر طالبات خوشی کا اظہار کررہی ہیں

بھارت نے دریائے چناب میں پانی چھوڑ دیا، الرٹ جاری

ہیڈ مرالہ بیراج پر اچانک پانی کی آمد کا خطرہ ہے، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ میں ہائی فلڈ الرٹ جاری کیا گیا

پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو بھاری مشینری، اضافی عملہ تعینات کرنے اور حفاظتی بندوں کا معائنہ کرنیکا بھی حکم دے دیا

لاہور (این ای این) بھارت نے آبی جارحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دریائے چناب میں پانی چھوڑ دیا۔ بھارتی حکام نے سلال ڈیم کے سپل وے گیٹس 30 مئی تک کھولنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ پی ڈی ایم اے پنجاب نے اس صورتحال میں دریائے چناب کیلئے فلڈ الرٹ جاری کردیا ہے۔ ہیڈ مرالہ بیراج (بقیہ نمبر19)

پاکستان ریلویز کا عیدالاضحیٰ پر خصوصی ٹرین چلانیکا اعلان

کوئٹہ، کراچی' لاہور کیلئے اضافی ٹرینیں 24 اور 25 مئی کو روانہ ہوں گی

لاہور (این ای این) پاکستان ریلویز نے عیدالاضحیٰ 2026ء کے موقع پر مسافروں کی اضافی آمدورفت کے پیش نظر ملک کے مختلف شہروں کے درمیان تین خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ عوام کو عید کے موقع پر بہتر محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات (بقیہ نمبر18)

پہلے ایران سے معاہدہ پھر ریلیف کا سوچیں گے، امریکی صدر

ایران سے 100 فیصد مناسب جواب چاہتے ہیں، پہلے معاہدے پر دستخط پھر ریلیف کا سوچوں گا، صدر ٹرمپ

کیوبا کے پاس زندہ رہنے کی اشیا نہیں ہیں، کیوبا کے عوام شاندار، بہت سے میرے دوست ہیں' امریکی صدر

واشنگٹن (این ای این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران سے 100 فیصد مناسب جواب چاہتے ہیں، ایران سے جواب نہ آیا تو کارروائی ہوگی، امریکا نے ایران کو میدان جنگ میں شکست دی، ایران پہلے معاہدے پر دستخط کرے، پھر ریلیف کا سوچوں گا، ایران کا معاملہ اِدھر یا اُدھر صورت میں حل کروں گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایر (بقیہ نمبر29)

کمشنر راولپنڈی کی زیرصدارت عیدالاضحیٰ انتظامات کا اجلاس

عید سے قبل تمام سرکاری ملازمین اور ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائینگے

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کی زیرصدارت میونسپل کارپوریشن راولپنڈی آفس میں عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن زینیا ہمایوں، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ سبطین کاظمی و دیگر متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے دوران (بقیہ نمبر24)

سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ کا پیکیجز کنورٹرز لمیٹڈ لاہور کا دورہ

تقریب کے مہمانِ خصوصی سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد ذوالفقار احمد تھے جبکہ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر لیگل بھی موجود تھے

شیخ محسن الیاس کی محنت، قیادت اور ورکرز کے حقوق کے لیے دن رات جاری جدوجہد کو زبردست خراجِ تحسین پیش

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد ذوالفقار احمد کا ڈائریکٹر لیگل فیصل طارق کے ہمراہ پیکیجز کنورٹرز لمیٹڈ لاہور کا دورہ، کارکنان کی جانب سے والہانہ استقبال، پیکیجز کنورٹرز لمیٹڈ لاہور کے دورے کے موقع پر شیخ محسن الیاس (ممبر گورننگ باڈی ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد وفاق و پنجاب) نے اپنے کارکنان کے ہمراہ معزز (بقیہ نمبر21)

توانائی پالیسی محض معاشی نہیں، قومی سلامتی کا بھی تقاضہ

عالمی سپلائی رکاوٹوں سے خام تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا

اسلام آباد (این ای این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ امریکہ ایران کشیدگی، آبنائے ہرمز کی جنگی صورتحال اور عالمی سپلائی رکاوٹوں سے خام تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جس کے اثرات پاکستان سمیت درآمدی معیشتوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ پارلیمانی فورم برائے توانائی (بقیہ نمبر20)

پاک چین 75 سالہ دوستی' پنڈی میں پرچم کشائی تقریب

چین نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا' مقررین کا تقریب سے خطاب

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ضلعی انتظامیہ مری کے زیراہتمام پاک چین دوستی اور باہمی تعلقات کے فروغ کے سلسلے میں مال روڈ جی پی او چوک میں پروقار پرچم کشائی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلعی انتظامیہ، مختلف سرکاری اداروں کے افسران، ریسکیو 1122 اہلکاروں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ، مضبوط اور مثالی تعلقات کو خراج تحسین پیش کرنا اور دونوں (بقیہ نمبر23)

سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد جناب ذوالفقار احمد کا پیکیجز کنورٹرز لمیٹڈ لاہور میں کارکنان سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر انہیں یادگاری شیلڈ بھی پیش کی جارہی ہے۔

خاقان وحید خواجہ کا اسلامی نظام اور علماء و مشائخ سے احترام کا اظہار

تاجروں کے مسائل اور ملکی معیشت میں ان کے کردار پر گفتگو، پارٹی منشور، عوامی شمولیت اور تبدیلی کا دعویٰ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت کے سربراہ اور چیئرمین راول فاؤنڈیشن و راول انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت علماء، مشائخ اور پیرانِ اکرام کا بھرپور احترام کرتی ہے اور ملک میں اسلامی نظام اور شریعت کے مطابق قوانین کے نفاذ کے لیے مثبت سوچ رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ تاجروں کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ملکی معیشت میں ان کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے یہ بات پاکستان انٹرنیشنل مشائخ کونسل فیڈرل ایریا اسلام آباد کے صدر پیر آغا جی سرکار، راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے سینئر رہنما ملک باسط اور ترلائی سے تعلق رکھنے والے پارٹی عہدے داران چوہدری ظفر، چوہدری آصف، راجہ کامران، اشفاق عباسی اور جاوید عباسی سے ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر پارٹی کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ضیاء نے راول فاؤنڈیشن کے کارڈز چیئرمین کے حوالے کیے، جو انہوں نے تقسیم بھی کیے، جبکہ پارٹی کی سرگرم رکن میڈم عشرت خورشید نے ممبرشپ کے حوالے سے کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ان کی جماعت کا منشور تعلیم، صحت، میکینیکل ہنر اور روزگار کی فراہمی پر مشتمل ہے، جن پر ماضی میں توجہ نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں نہ ہونے کے باوجود بھی وہ ان شعبوں پر عملی کام کر رہے ہیں اور عوام کی بڑی تعداد پارٹی میں شامل ہو رہی ہے، جو تبدیلی کی واضح علامت ہے۔

8 سال کے ٹریولنگ الاؤنس' ملازمین کیلئے خوشخبری

واجبات ملنے پر ریلوے کے محنت کش ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اسلام آباد (این ای این) کلاس فور ملازمین کے گزشتہ آٹھ سال سے رکے ہوئے ٹریولنگ الاؤنس کی ادائیگی کیلئے 7 کروڑ روپے کی خطیر رقم فوری طور پر جاری کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی مالی اصلاحات کے نتیجے میں پاکستان ریلویز نے ملازمین اور کنٹریکٹرز کے طویل عرصے سے زیرالتواء کروڑوں روپے کے واجبات کی باقاعدہ ادائیگیوں کا آغاز کر دیا ہے، جس سے ادارے پر ملازمین اور اسٹیک ہولڈرز کا اعتماد بحال ہونا (بقیہ نمبر22)

Email: info@awamilalkaar.com
ABC عوام کی بے ساختہ للکار
Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار

اشاعت خاص

پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی، ثقافت ورثے کی پہچان

''ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں'' فیسٹیول، خواتین کے وقار اور تخلیقی صلاحیتوں کا خوبصورت اظہار

پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی، فن، ادب اور ثقافت کے فروغ کا روشن مرکز

پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کا ثقافتی ورثے، فنونِ لطیفہ اور نوجوان ٹیلنٹ کے فروغ میں اہم کردار

پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی، نوجوان نسل میں فن، ادب اور مثبت سوچ کو فروغ دینے میں پیش پیش

فنکاروں، ادیبوں اور طلبہ کے لیے پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کی متحرک اور مثالی خدمات

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کی شاندار ثقافتی سرگرمیاں

پینٹنگ، ٹیبلو اور تقریری مقابلوں کے ذریعے نوجوانوں میں قومی شعور اور تخلیقی صلاحیتوں کا فروغ

شازیہ رضوان اور پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کی کاوشیں، فن و ثقافت کے فروغ کی نئی مثال

پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی، خواتین کے مثبت کردار، قومی ثقافت اور تخلیقی سرگرمیوں کا مضبوط پلیٹ فارم

تحریر: محمد شکور
(ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی)

پنجاب کونسل آف آرٹس صوبہ میں فن، ثقافت اور ادب کو فروغ دینے کے لیے کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ ادارے کا بنیادی مقصد صوبہ بھر میں ثقافتی سرگرمیوں، فنونِ لطیفہ اور روایتی اقدار کو فروغ دینا ہے۔ یہ ادارہ مقامی فنکاروں کی سرپرستی، ادبی پروگراموں کے انعقاد اور نئی نسل میں قومی ورثے کی ترویج کے ذریعے معاشرے کی فکری اور تخلیقی آبیاری کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری کے احکامات کی روشنی میں پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی ثقافتی ورثے کے فروغ، ادب کی ترویج، فنکاروں اور آرٹسٹوں کی حوصلہ افزائی اور انکی قدرتی صلاحیتوں کو سامنے لانے کے لیے عملی اقدامات یقینی بنا رہا ہے۔ ادارہ علاقائی روایات اور ثقافت کو نہ صرف اجاگر کرنے میں کردار ادا کر رہا ہے بلکہ علاقائی تاریخی ورثے اور تہذیب سے نوجوان کو آگاہی فراہم کرنے کے لیے مختلف پروگرامز منعقد کرتا ہے۔ ادارے کی جانب سے نوجوانوں میں آرٹ اور کلچر کی سمجھ بوجھ پیدا کرنے کے لیے تعلیمی اداروں کے ساتھ مل کر مختلف تقریبات، مقابلوں اور ورکشاپس کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔ پینٹنگ، خطاطی اور مجسمہ سازی جیسے شعبوں سے وابستہ مقامی فنکاروں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے انہیں نمائش کے لیے پلیٹ فارم مہیا کیا جاتا ہے۔ مشاعرے، ادبی کانفرنسیں، کتب کی رونمائی اور سیمینار منعقد کر کے ادیبوں اور شاعروں کی خدمات کو سراہا جاتا ہے۔ قومی دنوں اور سماجی خدمت کے پروگرامز بھی پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کی جانب سے منعقد کیے جاتے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، وزیرِ اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری، سیکرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر رضا ہمدانی اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر چوہدری محبوب عالم کے ویژن اور خصوصی ہدایات کے تحت پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیرِ اہتمام ''ہم مائیں، ہم بہنیں، ہم بیٹیاں، قوموں کی عزت ہم سے ہے'' کے عنوان سے تین روزہ تخلیقی و ادبی فیسٹیول کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ اس فیسٹیول کا مقصد خواتین کے وقار، عزت، قدرتی صلاحیتوں اور معاشرے میں ان کے مثبت اور تعمیری کردار کو اجاگر کرنا، نوجوان نسل بالخصوص لڑکیوں کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا اور انہیں معاشرے میں فعال اور مثبت کردار ادا کرنے کے لیے حوصلہ دینا تھا۔ فیسٹیول کی پہلی تقریب 14 مئی 2026 کو منعقد ہونے والا پینٹنگ مقابلہ تھا جس میں مختلف تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے 79 طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے اپنے فن پاروں کے ذریعے خواتین کی عظمت، کردار اور معاشرتی اہمیت کو خوبصورت انداز میں پیش کیا۔ تقریب کی مہمانِ خصوصی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت شازیہ رضوان تھیں جبکہ معزز ججز میں معروف آرٹسٹس ضرار حیدر بابری، احمد حبیب اور نجم کاظمی شامل تھے۔ تمام شرکاء میں اسناد تقسیم کی گئیں جبکہ نمایاں کارکردگی دکھانے والوں میں انعامات اور شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔ فیسٹیول کی دوسری تقریب 15 مئی 2026 کو منعقد ہونے والا ٹیبلو مقابلہ تھا جس میں 19 مختلف ٹیموں نے شرکت کی اور خواتین کے احترام، ان کے معاشرتی کردار اور قومی ترقی میں ان کی اہمیت پر مبنی متاثر کن ٹیبلوز پیش کیے۔ تقریب کے مہمانانِ خصوصی پارلیمانی سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ضیااللہ شاہ اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت شازیہ رضوان تھے۔ تقریب کے ججز میں معروف اداکار و ہدایتکار افضال لطیفی، اسلم مغل اور ارشد مسعود منہاس شامل تھے۔ مقابلے میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین سول لائنز نے پہلی پوزیشن حاصل کرتے ہوئے 30 ہزار روپے انعام حاصل کیا، جبکہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین خیابان سرسید راولپنڈی نے دوسری پوزیشن اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ تقریب کے اختتام پر کامیاب ٹیموں میں انعامات، شیلڈز اور تمام شرکاء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ تین روزہ فیسٹیول کی آخری کڑی 16 مئی 2026 کو منعقد ہونے والا تقریری مقابلہ تھا جس میں 63 نوجوان مقررین نے شرکت کی اور خواتین کے مقام، عزت اور اہمیت پر مدلل اور مؤثر تقاریر پیش کیں۔ تقریب کی مہمانانِ خصوصی مسلم لیگ (ن) کی سینئر رہنما و رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت شازیہ رضوان تھیں۔ ججز میں معروف مصنفہ و شاعرہ فرخندہ شمیم، ممتاز شاعر و ادیب جہانگیر احمد، اور ایسوسی ایٹ پروفیسر امجد اقبال شامل تھے۔ مقابلے میں حاجرہ تبسم نے پہلی پوزیشن حاصل کرتے ہوئے 30 ہزار روپے، نور فاطمہ صفدر نے دوسری پوزیشن کے ساتھ 25 ہزار روپے جبکہ فاطمہ نور نے تیسری پوزیشن حاصل کرتے ہوئے 20 ہزار روپے انعام حاصل کیا۔ قبل ازیں حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات کے مطابق پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیرِ اہتمام آل پاکستان پرائیویٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے تعاون سے معرکہ حق بنیان المرصوص کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں آل پاکستان پرائیوٹ سکول مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے طلبہ و طالبات کے درمیان تقریری مقابلے، ٹیبلو اور ملی نغموں کے مقابلے منعقد ہوئے۔ طلبہ نے اپنی پرفارمنسز کے ذریعے حب الوطنی، قومی یکجہتی اور شہداء کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن پر شیلڈز سے نوازا گیا جبکہ معزز ججز میں بھی یادگاری شیلڈز تقسیم کی گئیں۔ پروگرام نہایت منظم اور پُرجوش ماحول میں منعقد ہوا اور شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطنِ عزیز کی ترقی، سلامتی اور استحکام کے لیے ہمیشہ متحد رہیں گے۔ تقریبات کا سلسلہ یہاں ختم نہیں ہو جاتا بلکہ پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کے اشتراک سے 12 مئی کو ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے میگا شوکیس کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ایم این اے طاہرہ اورنگزیب نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب سعدیہ تیمور، پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان اور سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب ثمن رائے نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں راولپنڈی سے تعلق رکھنے والی 6 سو زائد طالبات کو کورسز کی تکمیل پر سرٹیفکیشن دیئے گئے۔ ان طالبات میں ایمبیسیڈر پروگرامز WBIC اور SEHR شامل ہیں جنہوں نے ڈیجیٹل اسکلز، مہمان نوازی اور بیوٹیشن سروسز میں پیشہ ورانہ مہارت حاصل کی۔ تقریب پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی میں منعقد کی گ ء۔ دوسری جانب محمد محبوب عالم ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی ہدایات کے مطابق ادبی بیٹھک ہفتہ وار ادبی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں جس میں ادبی تنظیموں کے شعراء اور ادیب بھرپور شرکت کر رہے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ ان کی ہدایت پر فنکاروں، ادیبوں اور مصوروں کے لیے پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کے دروازے کھلے ہیں۔ فن کی مہارت کی نمائش کرنا ہو یا ادب کی ترویج ہو، پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان فنکاروں اور ادیبوں کی معاونت کے لیے عملی اقدامات یقینی بنا رہی ہیں۔ پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی میں قومی دنوں کی مناسبت اور سماجی نوعیت کے سال بھر پروگرامز منعقد کیے جاتے ہیں۔ مئی میں منعقد کیے جانے والے پروگرامز اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔ حکومتِ پنجاب اور محکمہ اطلاعات و ثقافت کی جانب سے فن، ادب، ثقافت اور مثبت سماجی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو شرکاء، اساتذہ، والدین اور معززینِ شہر نے بے حد سراہا۔ فنونِ لطیفہ، ادب، تھیٹر، مصوری اور تقریر جیسی تخلیقی سرگرمیاں نوجوان نسل میں اعتماد، شعور اور مثبت اظہارِ خیال کو فروغ دیتی ہیں۔ حکومتی ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی فنونِ لطیفہ، ثقافت اور خواتین کے مثبت کردار کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے جو قابل ستائش ہے۔



بقیہ 1

کو کھالیں جمع کرنے سے روکا جائے اور خلاف ورزی کی صورت میں فوری کارروائی کی جائے۔ محکمہ داخلہ نے متعلقہ حکام کو کالعدم تنظیموں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی بھی ہدایت دی ہے اوران کی فہرست بھی جاری کردی گئی ہے۔

بقیہ 2

کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، چین کی ترقی اورتبدیلی ترقی پذیرممالک کیلئے باعث تحریک اور قابل تقلید ہے۔انہوں نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات اور مثالی دوستی ایک مضبوط ہرموسم کی تزویراتی اشتراک کی شراکت داری میں تبدیل ہوچکی ہے،بدلتے ہوئےعلاقائی اورعالمی حالات کے باوجود یہ دوستی مسلسل مضبوط، مؤثر اور تزویراتی اہمیت کی حامل ہوتی گئی ہے۔وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان، چین کے صدرشی جن پنگ کی مدبرانہ قیادت اورمختلف شعبہ جات میں چین کے تعاون کو بے حدقدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ایک چین کے اصول پر اپنے غیرمتزلزل سفارتی موقف کا اعادہ کرتا ہے، پاکستان کی سماجی ومعاشی ترقی اورقومی ترجیحات میں چین کی مضبوط معاونت نے غیرمعمولی کردارادا کیا۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سی پیک نے پاکستان میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی، توانائی کے تحفظ، صنعتی تعاون میں بے پناہ کردار ادا کیا ہے، دنیا میں پاکستان اور چین کثیرالجہتی تعاون، پرامن بقائے باہمی اور جامع ترقی کے اصولوں پرکاربند ہیں،اللہ کرے کہ پاکستان اورچین کی لازوال دوستی ہر آنے والی نسل کے ساتھ مزید مضبوط ہوتی چلی جائے۔

بقیہ 3

دوسری جانب اسپیشل اکنامک زونز(ترمیمی)بل2026 کی منظوری دے دی گئی۔صدرمملکت آصف علی زرداری نے وزیر اعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پرترمیمی بل کی منظوری دی۔

بقیہ 4

کا عالمی دن منانے کا مقصد مکالمہ اورترقی سے متعلق عوامی شعور بیدار کرنا ہے، تہذیب و ثقافت اور مشترکہ ورثہ کی اہمیت کا شعور رکھنے والے قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان متنوع ثقافتوں، زبانوں، روایات اور اقدار کا مرکز ہے، ثقافتی تنوع قومی شناخت اورتہذیبی ورثہ ہے،ثقافتی تنوع سےاتحادویگانگت،مثبت اقدار، برداشت اور ہم آہنگی بھی فروغ پاتی ہے۔ انہوں نے کہاکہ متنوع ثقافتی ورثہ دنیا بھر میں پنجاب کی پہچان ہے، محکمہ اطلاعات وثقافت صوبہ بھر میں ثقافتی ورثے کے تحفظ کے سرگرم عمل ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ ثقافت کا تحفظ، ہنر مندوں اور تخلیقی کاروں کی سرپرستی ترجیحات کا حصہ ہے، پنجاب کے ہنرمندوں کی ملکی و بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی ہماراعزم ہے۔

بقیہ 5

جاری رہے گی۔پاک فوج کے افسران اور جوانوں کو فوجی اعزازات دینے کی تقریب جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں منعقد ہوئی، چیف آف ڈیفنس فورسز وآرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شہدا کے خاندانوں، افسران اور جوانوں کو آپریشنز میں غیر معمولی بہادری اور قوم کے لئے نمایاں خدمات کے اعتراف میں ایوارڈز سے نوازا۔آئی ایس پی آر کے مطابق تقریب میں 50 کوستارہ امتیاز(ملٹری)اور12 کوتمغہ بسالت سے نوازا گیا، شہدا کے اہل خانہ نے اعزازات وصول کئے، شہدا اور غازیوں کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیرنے کہاکہ شہدا اور غازی قوم کا فخر ہیں، ان کی قربانی ہر پاکستانی کے لئے ایک مقدس امانت ہے، مادر وطن میں امن وسلامتی ان کی عظیم قربانیوں اورفرض سے بے پناہ لگن کی مرہون منت ہے۔فیلڈ مارشل نے شہداکے خاندانوں کی جانب سے ان کی بے مثال قربانیوں اور غیر متزلزل وابستگی کا اعتراف کرتے ہوئے ان کے حوصلے اور ثابت قدمی کی تعریف کی، پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی آپریشنل تیاریوں اور غیر متزلزل عزم کو سراہتے ہوئے۔فیلڈ مارشل نے دہشت گردوں کے خلاف ان کی مسلسل کوششوں کوسراہااوراس بات کا اعادہ کیا کہ ملک بھر میں پائیدارامن واستحکام کے حصول تک دہشت گردی کے خلاف جنگ پورے قومی عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔

بقیہ 6

ممکنہ خطرکےپیش نظر پیشگی حفاظتی اقدامات شروع کر دیئے ہیں، وزارت صحت کی جانب سے قومی ادارہ صحت کو ضروری اقدامات کرنے اور لیبارٹری کٹس دستیاب رکھنے کی ہدایت جاری کردی گئی۔ وزارت صحت نیبارڈر ہیلتھ سروسز کوبھی ایبولا وائرس کیوالے سے الرٹ رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایئرپورٹس پر یوگنڈا اور کانگو سے آنے والے مسافروں کی خصوصی نگرانی کی جائے۔حکام کے مطابق ایبولاہیمر جک فیور کی علامات ڈینگی وائرس سے ملتی جلتی ہیں، جس کے باعث طبی عملیکوبھی محتاط رہنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔۔وفاقی وزارت قومی صحت کیحکام کا کہنا ہیکہ پاکستان میں صورتحال مکمل طور پر کنٹرول میں ہے اورکسی قسم کی تشویش کی ضرورت نہیں۔ دوسری جانب افریقی ممالک میں اب تک ایبولا وائرس کے 300 مشتبہ کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں جبکہ 80 اموات بھی سامنے آئی ہیں،سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول امریکا کی ٹیم بھی دونوں متاثرہ افریقی ممالک میں پہنچ گئی۔

بقیہ 7

پریکٹیشنرز کے لیے علمی تقاریب منعقد کرتا ہے۔ تقریب میں ماہرین تعلیم، دانشوروں اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔کیس لاہور کی ریسرچ اسسٹنٹ سیرا وسیم نے افتتاحی خطاب کیا۔ڈاکٹر مریم فاطمہ نے اپنے خطاب کا آغاز بدلتے ہوئے عالمی نظام کے اعتراف سے کیا، جہاں متوسط طاقتیں زیادہ اہمیت اختیار کرچکی ہیں اورتنازعات کےحل کے روایتی طریق کار کو بدل رہی ہیں۔ انہوں نے حالیہ امریکہ، اسرائیل اور ایران تنازعے کا حوالہ دیتے ہوئے پاکستان کی بروقت سہولت کاری کواجاگر کیا، جواس وقت سامنے آئی جب تمام متحارب فریق جنگی تھکن کاشکار ہوچکے تھے۔انہوں نے پاکستان کی شٹل سفارت کاری کو سراہااوراس کامیابی کا سہراپاکستان کی مسلح افواج، بالخصوص پاک فضائیہ کے سر باندھا، جس نے معرکہ حق کے دوران بھارتی فضائیہ کے آٹھ طیارے مار گرائے۔ریسرچ سوسائٹی آف انٹرنیشنل ل کے صدر جناب احمر بلال صوفی نے زور دیا کہ تنازعے کی نوعیت اس کےحل کے طریق کار پر اثر انداز ہوتی ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی جانب سے استعمال کیے جانے والے جبری طریق کاراورغیر جبری عدالتی نوعیت کے طریقہ ہائے کار پر روشنی ڈالی۔ جناب صوفی نے یہ بھی واضح کیا کہ بعض ریاستیں ثالثی کے سرپرستوں کی حیثیت اختیار کرچکی ہیں، جبکہ بعض وقتی حالات میں دیگر ریاستیں بھی سہولت کارکا کرداراداکرنے کے لیے ابھرتی ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کومعرکہ حق کے بعدحاصل ہونے والی اپنی بلند حیثیت کوادارہ جاتی شکل دینی چاہیے، تاکہ وہ تنازعات کی حوصلہ شکنی میں کردار ادا کر سکے۔ اختتامی کلمات میں ایئرمارشل عاصم سلیمان ریٹائرڈ، صدرکیس لاہور، نے کہا کہ عصر حاضر کی جنگوں کا ماحول تبدیل ہو چکا ہے، جس کے باعث دوطرفہ مذاکرات کی افادیت محدود ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بڑی طاقتوں کےاپنے مفادات کے باعث ثالثی کی کوششوں میں ان کا کردار کمزور پڑ رہا ہے۔

اس کے برعکس، متوسط طاقتیں اپنی ساکھ اوررسائی کے باعث سہولت کار کے طور پرابھر رہی ہیں۔صدر کیس نے معرکہ حق میں پاکستان کی مسلح افواج بالخصوص ایئر چیف مارشل بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کی شاندار کارکردگی کوسراہا۔مئی میں مسلح افواج کی فتح نے پاکستان کی حیثیت بلند کی، جس کے باعث اسلام آباد کوامریکہ، اسرائیل اورایران تنازعے کےحل میں کردارادا کرنے کی گنجائش ملی۔وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیرکی رہنمائی میں پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کو عالمی سطح پر سراہا گیا۔صدرکیس نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مختصر مدتی بحرانوں کے انتظام سے آگے بڑھ کر تنازعات کے عالمی اسباب پر توجہ دینا ضروری ہے۔تقریب کا اختتام ایک بھرپور سوال وجواب کی نشست پر ہوا۔ نشست میں سرحد پار تنازعات، جنوبی ایشیا میں تنازعات کے انتظام میں امریکہ کے کردار،اور پاکستان کی جغرافیائی وسیاسی حیثیت پر گفتگو ہوئی، جس نے ثالثی سے متعلق روایتی مفروضوں کوچیلنج کیا۔شرکا نے ایک مؤثر اورفکر انگیز نشست کے انعقاد پرکیس لاہور کےاقدام کوسراہا

بقیہ 8

میل میں کمپیوٹر سائنس کا پرچہ بھی لیک ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔اس سے قبل صرف ریاضی کے 2پرچے لیک ہونے کی تصدیق کی گئی تھی۔کیمبرج انٹرنیشنل اعلامیے کے مطابق کمپیوٹرسائنس اور ریاضی کے 12مئی کو آؤٹ ہونے والے پرچے دوبارہ نہیں لیے جائیں گے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کمپیوٹر سائنس اور ریاضی کے پرچوں میں اسپیڈ مارکس دیئے جائیں گے۔ اسپیڈ مارکس کیلئے دونوں پرچوں کے دوسرے کمپونینٹ کے مارکس کا سہارا لیا جائے گا۔اعلامیے کے مطابق 15 مئی کو ملتوی ریاضی کا پرچہ اب 8جون کو ہوگا۔کنٹری ہیڈ عظمیٰ یوسف نے کہاکہ پرچوں کے لیک ہونے سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 9

،جبکہ آئندہ مالی سال کو پارکنگ پلازوں کی تعمیر کا سال قرار دیے جانے کا امکان بھی ظاہر کیا جارہا ہے۔لاہور میں زیرزمین پارکنگ پلازوں کی مجموعی تعداد سات تک پہنچ جائے گی جبکہ ٹیپا کے زیرانتظام دوپارکنگ پلازوں پر پہلے ہی تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے ۔بھاٹی گیٹ کے مقام پر ایک نئے پارکنگ پلازہ کی تعمیر کا فیصلہ بھی کرلیا گیا ہے، جبکہ اندرون لاہور دو مزید پارکنگ پلازے مختلف مراحل میں زیرتعمیر ہیں۔

بقیہ 10

ویکسین کی مقامی تیاری کےعمل کوسراہا۔علاوہ ازیں انہوں نے کہاصحت سے متعلق پالیسیوں، منصوبوں اور مستقبل کے وژن کے ساتھ مکمل طور پرہم آہنگ ہیں، ورلڈ بنک پاکستان میں ویکسین کی پروڈکشن کیلئے مدد کرنے کوتیار ہے۔ورلڈ بینک نے پرائمری ہیلتھ کیئر کو بہتر بنانے اور ٹیلی میڈیسن کے فروغ کے لیے تعاون کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی ہے۔وفاقی وزیرصحت مصطفیٰ کمال نے تمام کاوشوں کیلئے ورلڈ بینک کے تعاون کوسراہا،انہوں نے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے عالمی اداروں کے ساتھ مل کرکام کرے گی۔

بقیہ 11

کے معاملے میں گارڈن اور درخشاں پولیس نے سہولت کارملزم محمد سمیر کی مقدمات میں گرفتاری اور تفتیش کی عدالت سے باضابطہ اجازت مانگ لی ہے۔عدالت نے تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ ملزم محمد سمیر سے سینٹرل جیل جاکر تفتیش کی جائے۔پولیس کے مطابق ملزم محمد سمیر جون 2021 میں درج چرس برآمدگی کے مقدمے میں گرفتار ہوا اور جیل میں ہے۔ملزمہ انمول عرف پنکی بھی جسمانی ریمانڈ پرپولیس کی تحویل میں ہے جس سے تفتیش کی گئی تواس نے منشیات سپلائی کرنے والے رائیڈرز کے نام بھی بتائے ہیں۔پولیس نے موقف اختیار کیا کہ ملزم محمد سمیر ملزمہ انمول عرف پنکی کا رائیڈر رہے۔ملزم محمد سمیر موٹر سائیکل کے ذریعے منشیات سپلائی کرتا تھااور منشیات کی مد میں ملنے والی رقوم بھی بینک اکاؤنٹ میں منتقل کرتا تھا۔ملزم محمد سمیر سے تفتیش درکار ہے، لہذا ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا جائے۔بعدازاں عدالت نے پولیس کو 2 مقدمات میں ملزم کی گرفتاری اور تفتیش کی اجازت دے دی ہے۔

بقیہ 12

اشیاپرتوجہ دیں تاکہ سفرزیادہ آرام دہ اور پرسکون رہے۔مقدس فریضہ حج کی ادائیگی ہرمسلمان کی زندگی کا ایک روحانی اور یادگار مرحلہ ہوتا ہے، عازمین اگرسفر سے پہلے مناسب منصوبہ بندی اور ضروری سامان کی درست تیاری کرلیں تو دوران حج انہیں کافی آسانی اورسکون حاصل ہوسکتا ہے

بقیہ 13

سے یہ اعزاز اورانعامات متعلقہ طلبہ کے حوالے کر دیے۔اس موقع پرسکول کے اساتذہ نے کہا کہ طلبہ کی محنت، تخلیقی صلاحیتوں اوراساتذہ کی رہنمائی نے ادارے کا نام روشن کیا ہے۔ والدین کی بھرپور حوصلہ افزائی اورتعاون کوبھی اس کامیابی کا اہم سبب قرار دیا گیا۔سکول کے جملہ سٹاف نے کامیاب طلبہ اوران کے والدین کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی طلبہ کوجدید سائنسی تعلیم اورتخلیقی سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیےعملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بقیہ 14

ثاقب تور کے سرکی قیمت 30لاکھ روپے مقرر تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک فتنہ الخوارج کا سرغنہ سکیورٹی فورسز اورشہریوں پرکئی دہشت گردحملوں کا ماسٹر مائنڈ تھا، جبکہ خارجی عمرعرف ثاقب تور نے سپین وام میں یوبالی مسجد کے اطراف علاقے میں زیرزمین بنکر، سرنگیں اور بارودی جال بچھارکھا تھا۔ماہرین کا کہنا ہے کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد سرغنہ کی ہلاکت سے علاقے میں امن بحال ہوگا، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں خوارجی سرغنہ کی ہلاکت فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کیلئے ایک بڑا دھچکا ہے، جبکہ آپریشن عزم استحکام کے تحت فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن کامیابی سے جاری ہے۔ دوسری جانب جنوبی وزیرستان کی تحصیل وانا میں دفعہ 144نافذ کردی گئی۔اس ضمن میں جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وانا میں صبح 6 سے شام 6 بجے تک کے لئے دفعہ 144 کا نفاذ کیا گیا ہے۔وانا کے مختلف علاقے تیارزہ، کرب کوٹ،عزیز آباد چوک، درگئی، توئی خلہ گل کچ جانے والے راستے بندر ہیں گے۔

بقیہ 15

کی تعطیلات کا اعلان کیا ہے، 26مئی چاندرات سے عید کے دوسرے روز 28 مئی تک سٹاک مارکیٹ، سٹیٹ بینک اور بینکس بند رہیں گے۔ سٹیٹ بینک، بینکس اورسٹاک مارکیٹ پیر25 مئی اور جمعہ 29 مئی کوکھلیں گے۔آئندہ ہفتے 30 مئی اوریکم جون کوہفتہ وارتعطیل کے باعث سٹیٹ بینک، بینکس ،سٹاک مارکیٹ پھر بندر ہیں گے۔

بقیہ 16

قاسم پہنچا تھا۔دوران کلیئرنس بھارتی شہری کوڈچی وجے اورگوڈ یکر روشن گوپال کے پاس بھارتی نیشنل سی ڈی سی اور سی مین بکس موجودنہیں تھے، جبکہ دونوں بھارتی شہری پلا سے جاری کردہ سی مین بکس استعمال کررہے تھے۔ترجمان ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ دونوں افرادمطلوبہ میری ٹائم اسناد، سی اوسی او رسی او پی پیش نہ کرسکے۔ ابتدائی تحقیقات کی روشنی میں دونوں افراد پرفی کس5لاکھ روپے جرمانہ عائد کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن غیر قانونی سفری دستاویزات کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 17

برھمناں سکھو میں ایک مشترکہ گرینڈ آپریشن کے دوران ناجائز قابضین کے چنگل سے 461 کنال قیمتی سرکاری اراضی واگزار کروالی ہے، جس کی مالیت کروڑوں روپے بتائی جاتی ہے۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اس وسیع وعریض سرکاری اراضی پر بااثر مافیا کی جانب سے عرصہ دراز سے ناجائز قبضہ جمارکھا تھااوراس پر باقاعدگی سے گندم سمیت دیگر فصلیں کاشت کر کے بھاری منافع کمایا جارہا تھا۔اس موقع پرگفتگوکرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنرگوجرخان خضرظہور گورائیہ کا کہنا تھا کہ سرکاری اراضی پر ناجائز قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔تحصیل انتظامیہ عوامی مفاد کا تحفظ اور قانون کی بالادستی ہر قیمت پر برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون شکنی کرنے والوں اورسرکاری املاک کونقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کا یہ سلسلہ آئندہ بھی پوری شدت کے ساتھ جاری رہے گا

بقیہ 18

فراہم کی جا سکیں۔ترجمان پاکستان ریلویز کے مطابق پہلی خصوصی ٹرین 24مئی2026ء کوکوئٹہ سے راولپنڈی کے لیے روانہ ہوگی، دوسری خصوصی ٹرین اسی روز کراچی سٹی سے راولپنڈی جبکہ تیسری خصوصی ٹرین25مئی2026ء کوکراچی کینٹ سے لاہور کے لیے روانہ کی جائے گی۔خصوصی ٹرینیں ملتان، ساہیوال، لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، روہڑی، بہاولپور، خانپور، جہلم اوردیگر اہم اسٹیشنوں سے گزریں گی تاکہ ملک بھر کے زیادہ سے زیادہ مسافروں کوسفری سہولت فراہم کی جا سکے۔خصوصی ٹرینوں میں اکانومی کلاس کوچز اور پاور وین شامل ہوں گی تاکہ عید کے رش کے دوران زیادہ تعداد میں مسافروں کو سہولت فراہم کی جا سکے۔پاکستان ریلویز انتظامیہ نے متعلقہ ڈویژنز کوخصوصی ٹرینوں کے بروقت اورموثر آپریشن کے لیےتمام انتظامات مکمل کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ترجمان ریلویز کے مطابق ٹرینوں کی رفتار سیکشنل اسپیڈ کے مطابق رکھی جائے گی تاہم یہ105 کلومیٹرفی گھنٹہ سے تجاوزنہیں کرے گی۔مسافروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ باقاعدہ اوردرست ٹکٹ کے ساتھ سفرکریں اوررش سے بچنے کے لیے پیشگی ریزرویشن کوترجیح دیں۔پاکستان ریلویز عیدالاضحیٰ کے موقع پرعوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنے عزم پرقائم ہے۔

بقیہ 19

پراچانک پانی کی آمد کا خطرہ ہے،فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ میں ہائی فلڈ الرٹ جاری کیا گیاہے۔ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق سلال ڈیم کے سپل وے گیٹس اجمعرات کی صبح سے 30 مئی تک کھولے جائیں گے،جس کے بعددریائے چناب میں پانی کی سطح2سے3میٹرتک بڑھنے کا خدشہ ہے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر جاوید کے مطابق متعلقہ اضلاع میں کنٹرول روم24 گھنٹے فعال رکھنےاورریسکیو1122 کوالرٹ رہنے کی ہدایت کردی گئی،وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے پیش نظر تمام محکمے الرٹ رہیں،شہری دریائی کناروں سے دور رہیں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں ہیلپ لائن1129 پررابطہ کریں۔پی ڈی ایم اے پنجاب نے ضلعی انتظامیہ کو بھاری مشینری، اضافی عملہ تعینات کرنے اورحفاظتی بندوں کا معائنہ کرنے کا بھی حکم دے دیا ہے۔

بقیہ 20

ومعیشت کے زیراہتمام پاکستان انسٹی ٹیوٹ برائے پارلیمانی سروسز میں خصوصی بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ پاکستان درآمدی ایندھن پرمنحصر ہے، اس لیے عالمی حالات کے پیش نظر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کرنا پڑا تاکہ توانائی کی مسلسل فراہمی، معاشی استحکام اور قومی توانائی تحفظ یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 22

شروع ہوگیاہے۔ترجمان پاکستان ریلویز کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات میں کہا گیا کہ کلاس فور ملازمین کے گزشتہ آٹھ سال سے رکے ہوئے ٹریولنگ الاؤنس کی ادائیگی کے لیے 7 کروڑ روپے کی خطیر رقم فوری طور پرجاری کردی گئی ہے

بقیہ 23

ممالک کے مابین بڑھتے ہوئے تعاون کواجاگر کرتا تھا۔تقریب میں قائمقام ڈپٹی کمشنر مری عمراویس کیانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر، اسسٹنٹ کمشنرمری، پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122مری کے اہلکاروں سمیت مختلف محکموں کے نمائندگان شریک ہوئے۔اس موقع پرپاکستان اورچین کے قومی پرچم بیک وقت لہرائے گئے جبکہ شرکانے دونوں ممالک کی لازوال دوستی کے حق میں نعرے بھی بلند کیے۔فضاقومی جوش وجذبے اورخیر سگالی کے جذبات سے معطر رہی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عمراویس کیانی نے کہا کہ پاکستان اورچین کی دوستی محض سفارتی تعلقات تک محدود نہیں بلکہ یہ باہمی اعتماد، اخلاص اور آزمودہ رفاقت کی روشن مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ چین نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا اور دونوں ممالک نے اقتصادی، دفاعی اور ترقیاتی شعبوں میں ایک دوسرے کے ساتھ مثالی تعاون کو فروغ دیاہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاک چین اقتصادی راہداری(سی پیک)دونوں ممالک کے مضبوط تعلقات کی واضح علامت ہے، جس سے خطے میں ترقی اورخوشحالی کے نئے دروازے کھلے ہیں۔شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاک چین دوستی آنے والے وقتوں میں مزید مستحکم ہوگی اور دونوں ممالک خطے میں امن، استحکام اور اقتصادی ترقی کے لیے مشترکہ کردار ادا کرتے رہیں گے۔تقریب کے دوران ملکی وغیرملکی سیاحوں نے بھی دلچسپی کااظہار کیا اور اس خوبصورت منظر کو اپنے کیمروں میں محفوظ کیا۔تقریب خوشگوار اور پرجوش ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سکیورٹی اور دیگر انتظامات انتہائی مؤثر انداز میں مکمل کیے گئے۔پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122مری کے اہلکار بھی موقع پرموجود رہے اورکسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیےالرٹ رہے

بقیہ 24

صفائی، سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے، قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کی بروقت تلفی اورشہریوں کوبہترین سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیاگیا۔کمشنرراولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عید سے قبل تمام سرکاری ملازمین اور ورکرز کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی ہرصورت یقینی بنائی جائے تاکہ ملازمین عید کی خوشیوں میں بھرپورانداز میں شریک ہوسکیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ صفائی کے نظام کو یقینی بنانے کے لیے ہرضلع میں 24/7 فعال کنٹرول روم قائم کیا جائے جہاں شہری شکایات کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ افسران اورعملہ موجود ہو۔ تمام اضلاع میں فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں جبکہ حساس مقامات، مویشی منڈیوں، تفریحی مقامات، مساجد، امام بارگاہوں اوراہم شاہراہوں پراضافی نفری تعینات کی جائے۔کمشنرراولپنڈی نے کہا کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ہونے والے میچز کے دوران خصوصی ٹریفک پلان تشکیل دیا جائے تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ٹریفک پولیس، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ ٹریفک روانی برقراررکھیں۔ کمشنرراولپنڈی انجینئر عامرخٹک نے ہدایت کی کہ ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ ادارے مکمل طور پر الرٹ رہیں جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے موک ایمرجنسی ایکسرسائزز کا انعقاد کیا جائے۔ ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ رہے اورادویات، ڈاکٹرز اور عملے کی دستیابی ہربروقت یقینی بنائی جائے۔کمشنرراولپنڈی نے متعلقہ اداروں کوہدایت کی کہ ایئرپورٹس اورائیربیسز کے اطراف برڈ ہیزرڈ کےخطرات سے بچانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، آلائشوں اور کچرے کی بروقت تلفی یقینی بنائی جائے تاکہ فضائی آپریشنز متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت تمام اضلاع میں خصوصی صفائی آپریشن عید کے تینوں دن بلاتعطل جاری رکھا جائے گا۔ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں، میونسپل اداروں اور فیلڈ اسٹاف کی چھٹیاں محدود کرتے ہوئے انہیں مکمل طور پر متحرک رکھا جائے گا۔کمشنرراولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں موجود رہیں، عید انتظامات کی خودنگرانی کریں اور عوام کوزیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کی سہولت اور امن وامان کا قیام انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اوراس حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 25

ناخوشگوار صورتحال سے بچا ہے۔ انتظامیہ نے شہریوں اورسیاحوں سے تعاون کی اپیل بھی کی ہے

بقیہ 26

کے منصوبے پر پیشرفت جاری ہے۔

بقیہ 27

قابض افواج کی جانب سےگلوبل صمود فلوٹیلا کوغیر قانونی طور پر روکنے کی شدید مذمت کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق فلوٹیلا میں شامل انسانی ہمدردی کے کارکنوں کی حراست اوران کے ساتھ مبینہ بدسلوکی انتہائی قابل تشویش اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ترجمان نے کہا کہ زیرحراست افراد میں پاکستانی کارکن سعد ایدھی کے شامل ہونے کی بھی اطلاعات ہیں، پاکستان نے مطالبہ کیا ہے کہ غیرقانونی طور پرگرفتار کیے گئے تمام کارکنوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔دفتر خارجہ کے مطابق عالمی برادری زیر حراست افراد کی سلامتی، وقاراور بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے، ترجمان نے کہا کہ وزارت خارجہ خطے میں موجود پاکستانی سفارتی مشنز کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے تاکہ زیرحراست پاکستانی شہری کی محفوظ وطن واپسی کویقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 28

ذیلی کمیٹیوں کی جانب سے بھجوائے گئےان قیدیوں کے کیسز کا جائزہ لیا گیا جو دیت، ارش اور دمان کی رقم کی عدم ادائیگی کے باعث جیلوں میں قید ہیں۔ کمیٹی نے دیت، ارش ودمان فنڈ رولز 2007ء کے مطابق سفارشات پر غور کیا اور تفصیلی جانچ پڑتال کے بعد اہل کیسز کے لیے امداد کی منظوری دی۔دیت، ارش ودمان فنڈوفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ338G(2) کے تحت قائم کیا گیا تھا تاکہ ان مستحق سزایافتگان کو مالی معاونت فراہم کی جا سکے جو متاثرین کے قانونی ورثاء کومعاوضہ ادا کرنے سے قاصر ہوں۔

بقیہ 29

ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران ایک شکست خوردہ ملک ہے، ہم اب ایسے لوگوں سے بات کررہے ہیں جو سمجھدار ہیں، یہ ان لوگوں سے زیادہ بہتر ہیں جواب ہم میں نہیں ہیں، امید ہے کہ یہ لوگ ڈیل کرلیں گے، اگرہمیں درست جواب نہیں ملا تو ہم فورا ایکشن لیں گے۔امریکی صدر نے کہا کہ ہمیں 100 فیصد درست جواب چاہیے، میں کبھی نہیں تھکتا، ایران کے جواب کا چند دن تک انتظار کریں گے،2روزانتظار کرکے لوگوں کی جان بچانا اچھا عمل ہے، جب تک وہ دستخط نہ کردیں، کوئی ریلیف نہیں دوں گا۔انہوں نے کہا کہ تیل کی قیمت میں بھی جلد بڑی کمی ہوگی، ترک صدر سے اچھی گفتگو ہوئی۔صدرٹرمپ نے مزید کہا کہ کیوبا کے پاس زندہ رہنے کی اشیانہیں ہیں، کیوبا کے عوام شاندار، بہت سے میرے دوست ہیں، کیوبا کے عوام کو مدد کی ضرورت ہے، امریکا کیوبا کےعوام کی مددکرنے کوتیار ہے۔

بقیہ 30

کاانعقاد کیا گیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیدایوب بخاری سمیت دیگرضلعی افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 31

میں علی گولہا کی نے لکھا امریکا چاہتا ہے جنگ کے خاتمے، آبنائے ہرمز کی بحالی، پابندیوں میں نرمی اور جوہری اقدامات سے متعلق تمام نکات پرایک ساتھ اتفاق کیا جائے، جب کہ ایران کا مطالبہ ہے کہ ان اقدامات پرتیس دن میں عمل درآمد اور تصدیق کے بعد ہی جوہری مذاکرات آگے بڑھائے جائیں

بقیہ 32

کے موقع پر اُن کے اعزاز میں ناشتے کی خصوصی تقریب کا اہتمام کیا۔

بقیہ 33

کشمیر میں شہریوں کوقتل، گرفتاراور بےدخل کیا جارہا ہے

بقیہ 34

پانے والے سیز فائر معاہدے کو چھ ماہ سے زائد کا عرصہ گزرچکا ہے۔

بقیہ 35

روک لیااوراس کارخ تبدیل کرنے پرمجبور کردیا۔

بقیہ 36

راستے کھلے ہیں۔انہوں نے لکھا کہ ایران کوطاقت کے ذریعے ہتھیارڈالنے پر مجبور کرناایک فریب سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔سفارت کاری میں باہمی احترام جنگ سے زیادہ دانشمندانہ، محفوظ اور زیادہ پائیدار ہے۔' مسعود پزشکیان کا بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے بعد سامنے آیا جس میں ٹرمپ نے خبردار کیا تھا کہ ایران کیساتھ مذاکرات آخری مراحل میں ہیں تاہم اگرتہران معاہدے پر رضامند نہیں ہوا تو مزید حملے کیے جائیں گے

بقیہ 37

سدھرا میں نام نہاد انسدادتجاوزات مہم کی آڑ میں گجر، بکروال خاندانوں کے گھروں کی مسماری مہم شروع کررکھی ہے

بقیہ 38

کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے دونوں ممالک کے تعلقات کو امن، ترقی اور باہمی تعاون کی علامت قرار دیا گیا۔اس موقع پر افسران اور عملے نے تقریب میں شرکت کی اور پاک۔ چین دوستی زندہ باد کے نعرے لگائے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اور دیگر مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان اورچین کی دوستی وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہورہی ہے اور دونوں ممالک کے تعلقات ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہنے کی بہترین مثال ہیں

بقیہ 39

متعلقہ محکموں کے عملداروں نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران عیدالاضحیٰ کے دنوں میں آلائشیں اٹھانے، صفائی ستھرائی، نالیوں کی صفائی، اسٹریٹ لائٹس اوردیگرشہری سہولیات کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پرایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مسرور احمد بجارانی نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے دوران شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں، قربانی کی آلائشوں کو بروقت اٹھانے کے لیے مؤثر انتظامات کیے جائیں اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کوبہتر بنایا جائے۔انہوں نے تمام ٹان اور میونسپل افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں عیدگاہوں کی صفائی کو یقینی بنائیں اور عید کے دنوں میں صفائی آپریشن جاری رکھیں، جبکہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرااور بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے

بقیہ 40

چودھری کا کہنا تھا کہ گوادراور پورٹ قاسم میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، ایل پی جی، ایل این جی اور خام تیل ذخیرہ منصوبوں میں کویت کو شراکت داری کی دعوت دی، پاکستان میں انرجی سٹوریج قائم کرنے کے منصوبے پر کام جاری ہے۔کویتی سفیر نے پاکستان کے بحری اور توانائی منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا، پاکستان اورکویت کے درمیان میری ٹائم سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔وزیر بحری امور جنید انوار چودھری نے کویتی سرمایہ کاروں کو ہرممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 41

زبردستی والدین یا کسی اور کی تحویل میں نہیں دیا جا سکتا،لڑکی کوفوری طور پر دارالامان سے رہا کر کے اس کی مرضی کی جگہ رہنے دیا جائے۔درخواست لڑکی کے والدنے دائرکی تھی جنہوں نے موقف اپنایا تھا کہ بیٹی کوخالہ کی تحویل سے بازیاب کروایا جائے۔

بقیہ 42

میڈیاسے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ مولانافضل الرحمٰن کی اپیل پر آج (جمعہ) قوم مہنگائی کے خلاف میدان میں نکلےگی۔جبکہ مہنگائی نےعوام کی زندگی اجیرن بنارکھی ہے۔

بقیہ 43

جعلی نوٹوں سے قربانی کے جانور خریدنے والے نیٹ ورک کا شاطر کارندہ گرفتار کرلیا گیا ہے۔ملزم عیدقرباں کے موقع پرمعصوم بیوپاریوں سے نوسر بازی کررہا تھا۔ایس پی سٹی کے مطابق تھانہ شاہدرہ اور شاہدرہ ٹاؤن میں درخواستیں موصول ہونے پر مقدمات درج کرلیے گئے ہیں اوراے ایس پی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دے کر 12 گھنٹوں میں ملزم کوگرفتار کرلیا گیا ہے۔ملزم نے شاہدرہ اور شاہدرہ ٹاؤن کے علاقوں میں بیوپاریوں سے بکرے خریدے اورجعلی نوٹ دے کررفو چکر ہوگیا۔ ملزم رقم کی ادائیگی کے وقت جلد بازی کرتا اوررقم کو فوری بیوپاریوں کی جیب میں ڈال دیتا۔ بعدازاں بیوپاری مارکیٹ جاتے تو جعلی نوٹوں کا پتا چلتا۔ پولیس کے مطابق ملزم اسد کی گرفتاری کے لئے جدید ٹیکنالوجی اور کیمروں سے مدد حاصل کی گئی ہے۔ملزم نیٹ ورک کے ذریعے پشاور سے جعلی نوٹ منگواتا تھا، جسے گرفتار کر کے مزید تحقیقات کے لئے انویسٹیگیشن اورایف آئی اے حوالے کیا گیا ہے۔

بقیہ 44

کاسترو پرامریکی شہریوں کے قتل کی سازش کا الزام ہے، پانچ دیگر افراد کوبھی مقدمے میں نامزد کیا گیا ہے۔مقدمہ 1996 میں کیوبن جنگی طیاروں کی کارروائی سے متعلق ہے، فرد جرم میں قتل اور طیارے تباہ کرنے کے الزامات بھی شامل ہیں۔واقعہ میں چارامریکی شہری ہلاک ہوئے تھے۔ کیوبا کی حکومت نے راؤل کاسترو پرفرد جرم کو غیرقانونی قرار دے کرمسترد کردیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کیوبا پردہشت گرداورانٹیلی جنس آپریشنز کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ کیوبا کے عوام کو آزادی دلائے بغیرنہیں رکیں گے، امریکا اپنے ساحل سے 90 میل دور دشمن ریاست برداشت نہیں کرے گا۔

بقیہ 45

برہمی کا اظہار کیا۔جسٹس حسن اکبر نے ریمارکس دیئے کہ کے پی ٹی کا وکیل کہاں ہیں؟ سرکاری وکیل نے بتایا کہ کے پی ٹی کا وکیل عدالت میں پیش نہیں ہوا۔جسٹس حسن اکبر نے ریمارکس دیئے کہ کے پی ٹی کے وکیل طویل عرصے سے کسی کیس میں پیش نہیں ہوتے۔درخواست گزاروں کے وکیل اسداللہ بلوچ ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ کے پی ٹی میں کارگومین، لفٹ آپریٹراوردیگر پوسٹوں پرملازمین 2009 سے کام کررہے ہیں۔ وکیل درخواست گزار کےمطابق سندھ ہائیکورٹ نے2021میں درخواست گزاروں کومستقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ وکیل درخواست گزار نے بتایا کہ پرانے ملازمین کو مستقل کرنے کے بجائے کے پی ٹی نے نئی بھرتیوں کیلئے اشتہار جاری کردیا۔ان کا کہنا تھا کہ عدالت نے کے پی ٹی میں نئی بھرتیوں کوروک دیا تھا،اس کے باوجوددرخواست گزاروں کومستقل نہیں کیاجارہا۔

بقیہ 46

میں پاکستان بنگلہ دیش نالج کوریڈور کے آغاز کا اعلان کیاتھا

بقیہ 47

میں 3 4 2ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی۔دوران سماعت عدالت نے تمام متعلقہ پی ٹی آئی ایم این ایز اور رہنماؤں کو23جولائی تک گرفتاری سے روک دیا، عدالت نے پی ٹی آئی رہنماؤں کی ضمانت قبل ازگرفتاری میں23جولائی تک توسیع کردی۔انسداددہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت کی درخواستوں پرسماعت کی

بقیہ 48

24 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔لاہور سے دمام، دبئی، جدہ اور کویت کی 19 پروازیں منسوخ ہوگئیں

بقیہ 49

عبدالغنی لون کا یوم شہادت جمعرات کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔میر واعظ مولوی محمد فاروق کواسی روز 1990 میں قابض بھارتی فورسز نے شہید کیا تھا،ان کے جنازے میں ہزاروں افراد نے شرکت کی تھی،تاہم جنازے کے دوران بھارتی فورسز کی فائرنگ سے 60 سے زائد کشمیری بھی شہید ہوگئے تھے۔

بقیہ 50

کا انعقاد کیا جہاں شہریوں کی پولیس کے متعلق شکایات کوسنا اور موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ ڈی پی اوقصور نے کھلی کچہریوں میں مختلف مقدمات کے مدعیان میں ریکوریاں بھی تقسیم کیں۔تھانہ کھڈیاں میں 40لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیا گیا۔ ریکوریز میں نقدی رقم 30 لاکھ روپے، 07 عدد موٹر سائیکل اور 04 آئی فونز شامل تھے۔لوٹا گیامال مسروقہ واپس ملنے پرشہریوں نے ڈی پی اوقصور کا پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا ویژن محفوظ پنجاب کو یقینی بنانے کا سفرتیزی سے جاری ہے،لوٹا گیا مال مسروقہ شہریوں کو واپس کرنا مثالی کارکردگی کا نتیجہ ہے۔عوامی رابطہ مہم میں مثبت تبدیلی کیلئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ڈی پی اوقصور نے اچھی کارکردگی پر ایس ایچ او کھڈیاں طیب یوسف اورانکی ٹیم کوشاباش دی۔

بقیہ 51

افسران نے شرکت کی۔ڈسٹرکٹ اینڈسیشن جج نے اجلاس میں مختلف ضروری مسائل اورامور کے حل کو نمٹانے کےحوالے سے ہدایات جاری کیں

بقیہ 52

مسلح ڈاکوشہری کے گھر میں داخل ہوئے اور اسلحے کے زور پراہلخانہ کویرغمال بنالیا۔ڈاکوؤں نے گھر کے تمام افراد کوایک کمرے میں بند کر دیا اوراطمینان سے گھر کی الماریوں کی تلاشی لیتے رہے۔مقدمے کے مطابق ملزمان گھر سے تقریباً40 تولے سونا اور 2لاکھ روپے سے زائد نقدی لوٹ کر لے گئے۔ واردات مکمل کرنے کے بعددونوں ڈاکوموٹرسائیکل پرفرار ہوگئے۔پولیس کا کہنا ہے کہ جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلیے گئے ہیں جبکہ اطراف میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے ملزمان کی شناخت کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 53

صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہمی یقینی بنانے کیلئے انتظامات اور حکمت عملی کا بھی جائزہ لیا گیا۔لیسکو حکام کے مطابق صارفین کی سہولت اورشکایات کے بروقت حل کیلئے تمام کمپلینٹ سیلز کو فعال کر دیا گیا ہے تاکہ عید کے دنوں میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پرنمٹا جا سکے۔ای کچہری میں لیسکو کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی، جبکہ تمام ایس ایزاور ڈی سی ایز آن لائن اجلاس میں شریک ہوئے۔ اس موقع پرسی ای او لیسکو انجینئر رمضان بٹ کا کہنا تھا کہ صارفین کے مسائل کے فوری، مؤثر اور شفاف حل کیلئے اقدامات مسلسل جاری ہیں۔

بقیہ 54

فار بوائز سکول مظفرگڑھ جبکہ سکندر خان نے گورنمنٹ ہائی سکول مبارک پور میں 3 طلباء کونقل کرتے رنگے ہاتھوں پکڑلیااوران سے نقل کا مواد برآمد کرتے ہوئے ان کے خلاف یوایم سی کیسز رجسٹرڈ کردیئے۔دوسری جانب گورنمنٹ بوائز کالج بہل میں بھی نقل کرنا طالبعلم پکڑا گیا۔اس موقع پر وزیرتعلیم رانا سکندر حیات نے اپنے مانیٹرنگ سکواڈ کوکارروائی پرشاباش دیتے ہوئے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ شفاف امتحانات کویقینی بنایا جارہا ہے۔ اس ضمن میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔وزیرتعلیم نے اپنے سپیشل سکواڈ کو انٹرمیڈیٹ امتحانات کے دوران مانیٹرنگ کا دائرہ کار بڑھانے اور چیکنگ کا نظام مزید سخت کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نقل میں ملوث طلبا سے کسی بھی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 55

بہادرخان، باسم سعید،صوبائی سیکرٹری اطلاعات محمد فاروق چوہان اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات محمد عمران الحق نے جماعت اسلامی پنجاب کے سابق امیر میاں مقصود احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔جماعت اسلامی پنجاب کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں مرحوم کی دینی، سیاسی اور تعلیمی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میاں مقصوداحمد ایک مخلص، دیانتدار، باکردار اورنظریاتی شخصیت تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی اقامت دین، عوامی خدمت اورتحریک اسلامی کے فروغ کے لیے وقف کیے رکھی۔جماعت اسلامی پنجاب کے رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ میاں مقصوداحمد مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔آمین۔

بقیہ 56

کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور ضلعی انتظامیہ فوری طور پرموقع پر پہنچیں۔ریسکیو اہلکاروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے گھروں میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا اور ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا ہے۔انتظامیہ کا کہنا ہے کہ کرنٹ لگنے سے زخمی ہونے والے تمام افراد کوفوری طور پرقریبی اسپتال منتقل کردیا گیاہے جہاں انہیں طبی امدادفراہم کی جا رہی ہے۔ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ ٹرانسفارمر میں دھماکے اورکرنٹ پھیلنے کی وجوہات کا پتا لگانے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی ٹیکنیکل ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے جو واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی۔

بقیہ 57

چھین لی ہے، پانچ کلوآٹے کا تھیلا900 روپے، دس کلوآٹے کا تھیلا1100 روپے جبکہ 20 کلو آٹے کا تھیلا2200 روپے میں فروخت ہورہا ہے، مگرحکومت اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف پروگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ مافیاز نے عوام سے روٹی کا آخری نوالہ بھی چھین لیا ہے اورحکمرانوں کوغریب آدمی کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں۔

بقیہ 58

غیر قانونی اورآئین سے متصادم ہے، علی امین گنڈا پورکا استعفیٰ ایک سزایافتہ نااہل فردواحد کی ڈکٹیشن پر لیا گیا۔درخواست میں شیرافضل مروت نے کہا کہ سہیل آفریدی کی بطوروزیراعلیٰ تقرری کانوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے، علی امین گنڈاپورکو دوبارہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا بحال کیا جائے، علی امین گنڈاپورکا استعفیٰ دباؤ کے تحت لیا گیا، علی امین گنڈا پور کے استعفے کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، غیر آئینی اقدامات کے نتیجے میں ہونے والے تمام سرکاری فیصلے منسوخ کیے جائیں۔

بقیہ 59

گرام آئس، 12.96 کلو ایمفیٹا مین ،3 کلو ویڈ، 230 گرام کوکین برآمد کیا گیا۔ترجمان اے این ایف نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران14 گرام ایکسٹیسی گولیاں، 2پسٹل بمعہ 4 میگزین بھی برآمد کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ کارروائیوں میں گرفتار ملزمان پر انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔

بقیہ 60

جسٹس علی ضیاء باجوہ پرمشتمل دورکنی بنچ نے ملزم علی شان کی سزا کے خلاف اپیل پرسماعت کی۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل ہارون الرشید نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ مجرم علی شان نے سابقہ دشمنی کی بنا پر دو بھائیوں لیاقت اور خالدکوان کے گھر کے سامنے اندھا دھند فائرنگ کر کے قتل کیا۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نے عدالت کومزید بتایا کہ ملزم نے فائرنگ کے دوران ایک میگزین خالی ہونے کے بعددوسری میگزین بھرکردوبارہ فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں دونوں بھائی موقع پرجاں بحق ہوگئے۔

بقیہ 61

پولیس نے نیٹ ورک کی دیگر اضلاع میں موجود شاخوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے۔ابتدائی تفتیش مکمل ہونے کے بعد واقعے کی ایف آئی آر درج کی جارہی ہے جبکہ ثبوت وشواہد کے ساتھ نادراحکام کوبھی خطوط لکھے جارہے ہیں۔

بقیہ 62

جے یوآئی کی جانب سے جاری کردہ مرکزی اعلامیے میں کہا گیا کہ کل جمعہ کے روز ملک کے تمام صوبائی دارالحکومتوں سمیت تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز پر بڑے اور بھرپور احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ترجمان نے مہنگائی کے پسے ہوئے طبقے سمیت ملک بھر کے غیورعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے حقوق کی خاطر ان احتجاجی مظاہروں میں بھرپور اور فعال شرکت کریں۔ملک کی موجودہ معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ترجمان جے یوآئی کا کہنا تھا" ملک میں امن وامان کی دگرگوں صورتحال، بدامنی اور بے لگام مہنگائی نے غریب عوام کا جینا محال کردیا ہے۔غریب طبقہ اس وقت فاقہ کشی اور معاشی تنگ دستی کے باعث خودکشیوں پر مجبور ہوچکا ہے، جبکہ حکومت عوام کوتحفظ اور ریلیف دینے میں مکمل ناکام نظرآتی ہے۔"

بقیہ 63

پہنچ گئی اور زخمیوں کوفوری طور پرطبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ علاقے کوگھیرے میں لے کرملزمان کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔واضح رہے کہ 12 مئی کو خیبرپختونخوا کے ضلع لکی مروت کی تحصیل سرائے نورنگ کے بازار میں دھماکا ہوا تھا جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 7افراد شہید ہو گئے تھے۔ڈی آئی جی سجاد خان کا کہنا تھا کہ فتنۃ الخوارج کی جانب سے کیے گئے سرائے نورنگ دھماکے میں 20 سے زائدافرادزخمی بھی ہوئے، دہشت گردوں نے دھماکے کے لیےموٹر سائیکل پردھماکا خیزمواد کا استعمال کیا۔ریسکیو ذرائع کا کہنا تھا کہ زخمیوں کو سرائے نورنگ اسپتال منتقل کیا گیاہے، دھماکے کے بعدفورسز نےفوری طورپرعلاقے کوگھیرے میں لے کرسرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 64

کہ عدلیہ پرعوامی اعتماد ججز کے کردار، رویے اور فیصلوں سے مضبوط ہوتا ہے۔انہوں نے نئے ججوں پرزوردیا کہ وہ آئین وقانون کےمطابق فیصلے کریں اور کسی دباؤ یاخوف کواپنے فرائض کی انجام دہی میں حائل نہ ہونے دیں، جدید تقاضوں کے مطابق عدالتی نظام میں اصلاحات اورٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی ضرورت ہے، پنجاب جوڈیشل اکیڈمی نئے ججوں کی تربیت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔تقریب کے اختتام پر نئے سول ججوں نے اپنے فرائض ایمانداری اور ذمہ داری سے انجام دینے کے عزم کا اظہار کیا، تقریب میں عدالتی افسران، سینئر ججز اور جوڈیشل اکیڈمی کے حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 65

سروسز اکیڈمی اورنیشنل اسکول آف پبلک پالیسی کے زیراہتمام منعقدہ ایگزیکٹو ڈویلپمنٹ پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔چیئرمین سینیٹ نے بنگلہ دیش سے آئے معزز وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے اس پروگرام کوایک اہم اور بامقصد اقدام قرار دیا، جس کا مقصد پانچ دہائیوں سے زائد عرصے کے بعد دونوں برادر ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو بحال کرنااور باہمی افہام وتفہیم کوفروغ دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ قومیں اس وقت مضبوط بنتی ہیں جب ادارے، پیشہ ورافراداورعوام مکالمے، تعاون اور مشترکہ سیکھنے کے عمل سے جڑے رہیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے سول سروسز اکیڈمی اورنیشنل اسکول آف پبلک پالیسی کے کردار کوسراہتے ہوئے کہا کہ ان اداروں نے علمی تبادلے اور پیشہ ورانہ اشتراک کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کے اقدامات اعتماد سازی، علاقائی ہم آہنگی اور طویل المدتی تعاون کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے بنگلہ دیشی وفد کی سینیٹ آف پاکستان آمد کے دوران ہونے والی حالیہ ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس ملاقات میں دونوں جانب سے خلوص، گرمجوشی اور دوطرفہ تعلقات کے ایک نئے باب کے آغاز کی حقیقی خواہش نمایاں تھی۔انہوں نے بنگلہ دیشی پارلیمنٹ کے معزز اسپیکر کی جانب سے پارلیمانی عملے کی پاکستان میں تربیت سے متعلق تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی اورادارہ جاتی روابط کومزیدمضبوط بنانے کی جانب ایک مثبت پیش رفت قرار دیا۔چیئرمین سینیٹ نے زور دیا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان پارلیمانی تعاون، گورننس اصلاحات، سول سروس کی جدیدکاری، پالیسی تحقیق اور ڈیجیٹل تبدیلی جیسے شعبوں میں مستقل تبادلوں کوادارہ جاتی شکل دینے کا وقت آچکا ہے۔انہوں نے کہا کہ پارلیمانوں، تربیتی اداروں، جامعات اور پالیسی اداروں کے درمیان روابط میں اضافہ علاقائی استحکام اور پائیدارترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز کے صدراورانٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین کی حیثیت سے اپنے کردار کا حوالہ دیتے ہوئے سید یوسف رضا گیلانی نے بنگلہ دیش کے ساتھ مضبوط ادارہ جاتی شراکت داری اورعلم کے تبادلے کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش مشترکہ تاریخ، ثقافتی قربت، مذہبی ہم آہنگی اور دیرینہ انسانی رشتوں سے جڑے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک میں یہ شعور بڑھ رہا ہے کہ خطے کا مستقبل ماضی کے بوجھ نہیں بلکہ مستقبل کے مواقع سے تشکیل پانا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ مضبوط قومیں مضبوط اداروں، اخلاقی قیادت اور عوامی اعتماد سے وجود میں آتی ہیں۔انہوں نے اس امر پرزوردیا کہ سول سروس پالیسیوں کے تسلسل، ان کے مؤثر نفاذ اورادارہ جاتی یادداشت کے تحفظ میں کلیدی کردارادا کرتے ہیں اور درحقیقت عوامی خدمت گار ہی قومی وژن کوعوامی فلاح میں تبدیل کرتے ہیں فارغ التحصیل افسران سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وہ صرف بنگلہ دیشی سول سروس کے نمائندے نہیں بلکہ تعاون، باہمی ہم آہنگی، دوستی اور علاقائی امن کے سفیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی عالمی تقسیم کے ماحول میں ایگزیکٹو ڈویلپمنٹ پروگرام جیسے اقدامات قوموں کے درمیان اعتماد، دانش اور پائیدار دوستی کے پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔سید یوسف رضا گیلانی نے اس امید کا اظہار کیا کہ پروگرام کے دوران قائم ہونے والی دوستیوں اور مشترکہ تجربات سے دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اورآنے والے برسوں میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھلیں گے۔چیئرمین سینیٹ نے اپنے خطاب کے اختتام پر دونوں برادر ممالک کی ترقی، امن اورخوشحالی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی جانب سے بنگلہ دیش کے ساتھ بامعنی روابط اور دیرپا دوستی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

OFFICE OF THE MEDICAL SUPERINTENDENT,BENAZIR BHUTTO HOSPITAL, RAWALPINDI

No. 95-102-F. PC/2026-27/BBH/Rwp — Dated 19/05/2026.

TENDER NOTICE
(Through E-Procurement)

Benazir Bhutto Hospital Rawalpindi invites e-bids from well reputed Medicines firms/Pharmacies having a valid Pharmacy Retail Drug Sale License registered on E-PADs and also registered with Income Tax, Sales Tax, Professional Tax and are on Active Taxpayers list for day to day Purchase of "Pakistan Bait-ul-Maal Funded National/Multi-National Medicine/Surgical/Orthopedic/Disposable Items for the Financial Year 2026-27" through E-Fendering. Tender forms are available on PPRA Website, E-PADS on e-Punjab Acquisitions and Disposal System.

Particulars	Estimated Cost Rs.	Bid Security @ 2%	Submission of Last Date & Time
Framework Contract for Purchase of Pakistan Bait-ul-Maal Funded Medicines/Disposable/ Surgical/Orthopedic Items etc.	5,000,000	100,000	16-06-2026 till 10:30 a.m

- The Bidding documents carrying all details can be downloaded free of cost from the PPRA's website http://eprocure.gov.pk & (http://eprocure.gov.pk).
- Original Bid Security in the name of Medical Superintendent, Benazir Bhutto Hospital, Rawalpindi in shape of Call Deposit Receipt / Bank Guarantes/Pay of above mentioned amount must be submitted physically at the below mentloned address willl before the closing date & time 16-06-2026 at 10:30 a.m of the submission of e-bld.E-Bids submitted through e-pads shall only be accepted/entertained.
- Bids submitted electronically on e-Punjab Acquisition and Disposal System by 16-06-2026 till 10:30 a.m which will be opened on same day at 11:00 a.m through e-PADS.
- Single Singe Two Envelope bidding Procedure will be adopted as per PPRA Rule.
- Benazir Bhutto Hospital Rawalpindl will not be responsible for any cost or expense incurred by Bidders about the preparation or delivery or electronic submission of bids.
- All assessments and procuring procedure i.e. receiving. Opening and awarding etc. shall be governed by the Punjab Procurement Rules-2014 & e-Punjab Acquisitions and Disposal System.
- The bidders are advised to ensure the uploading of e-bid on E-PADS portal well before closing date. Taxes will be deducted as per applicable government rules.
- The Purchaser reseives the right to reject all bids as per Rule 35 of the PPRA Rulas 2014.
- The URL of the website of PPRA is (http://eprocure.pujab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shill be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on website of the PPRA.

IPL 5197

Medical Superintendent
Benazir Bhutto Hospital
Rawalpindi

امریکا کی ایران کو اثاثے بحال، یورینیم افزودگی کی پیشکش

آبنائے ہرمز کھولنے، یورینیم بیرونِ ملک منتقل کرنے اور جوہری تنصیبات محدود کرنے کی تجاویز بھی شامل ہیں

اس پیکیج کے تحت ایران کے منجمد اثاثوں کا 25 فیصد، یعنی تقریباً 25 ارب ڈالر جاری کرنے کی تجویز بھی دی گئی

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا نے ایران کو 25 ارب ڈالر کے اثاثوں کی واپسی اور 3.67 فی صد یورینیم افزودگی کی پیش کش کر دی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایرانی سیاسی مبصر علی گولہا کی نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے ایران کو ایک جامع پیکیج پیش کیا ہے جس میں متعدد اہم تجاویز شامل ہیں۔ ایکس پر بیان (بقیہ نمبر 31)

قصور میں بھی پاک چین دوستی کی 75 سالہ تقریب

75 سال مکمل ہونے پر پاک چین دوستی سال 2026 کے طور پر منایا جا رہا ہے

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ملک بھر کی طرح ضلع قصور میں بھی پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے پر شاندار تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی زیرصدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں مرکزی تقریب (بقیہ نمبر 30)

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین پاکستان اور ویتنام کی فرنیچر انڈسٹری میں تعاون کے حوالے سے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم سے پرنس رحیم آغا خان پنجم کی ملاقات

پرنس رحیم آغا نے پاکستان میں اپنے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امن، استحکام اور حکومتوں و بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ تعمیری روابط کے فروغ کیلئے پرنس رحیم آغا خان پنجم کے کردار کو سراہتے ہوئے اعلیٰ مقاصد کیلئے پاکستان کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعرات کو یہاں پرنس رحیم آغا خان پنجم کے پہلے سرکاری دورہ پاکستان (بقیہ نمبر 32)

غزہ میں صحت کی صورتحال مسلسل

ابتر ہو رہی ہے، ہیومن رائٹس واچ

غزہ (اے ایف پی) انسانی حقوق کی تنظیم ہیومن رائٹس واچ نے کہا ہے کہ غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں کو زندہ رکھنے کے لیے قائم انسانی انفراسٹرکچر کو اب بھی شدید خطرات لاحق ہیں حالانکہ اکتوبر 2025ء میں طے (بقیہ نمبر 34)

بھارت دہشتگردی برآمد کرتا ہے، صائمہ سلیم

بھارت میں مسلمانوں سمیت اقلیتوں پر ظلم معمول ہے، پاکستانی قونصلر

نیویارک (اے ایف پی) اقوام متحدہ میں پاکستانی قونصلر صائمہ سلیم نے کہا ہے کہ بھارت دہشت گردی برآمد کرتا ہے، افغان سرزمین سے حملوں کی منصوبہ بندی اور سہولت کاری ہوئی، طالبان حکومت کے الزامات گمراہ کن مہم کا حصہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مباحثہ کے دوران کیا۔ صائمہ سلیم نے کہا کہ مقبوضہ (بقیہ نمبر 33)

امریکی بحریہ کا ایرانی پرچم بردار بحری

جہاز کے خلاف کارروائی کا دعویٰ

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی افواج نے ایرانی پرچم بردار ایک آئل ٹینکر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے (بقیہ نمبر 35)

پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے پر ریلی نکالی جا رہی ہے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت عیدالاضحیٰ بارے اجلاس

اجلاس میں صفائی، اسٹریٹ لائٹس، دیگر شہری سہولیات کے حوالے سے تفصیلی جائزہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ مسرور احمد بجارانی کی زیرصدارت عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی، سکیورٹی، میونسپل سہولیات اور دیگر انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام، تعلقوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، میونسپل اور ٹاؤن کمیٹیوں کے افسران اور (بقیہ نمبر 39)

پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل، کندھ کوٹ میں تقریب

پاکستان اور چین کی دوستی وقت کیساتھ مزید مضبوط ہو رہی ہے ADC زرار احمد

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) پاک۔چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ مسرور احمد بجارانی کی صدارت میں فلیگ ہاسٹنگ تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کندھکوٹ زرار احمد، وفاقی اور صوبائی محکموں کے افسران نے شرکت کی تقریب کے دوران پاکستان اور چین کی لازوال دوستی (بقیہ نمبر 38)

مسلمان قبائل گجر بکروالوں کے گھروں کی مسماری مہم تیز

قبائلی برادری بار بار بے دخلی اور مسماری کے ڈر سے خوف میں زندگی گزارنے پر مجبور

سری نگر (اے ایف پی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں قابض بھارتی انتظامیہ کی طرف سے مسلمان قبائل گجر بکروالوں کے گھروں کی مسماری مہم تیز ہوگئی ہے جموں کے علاقے سدھرا (رائیکا بانڈی) میں 32 رہائشی ڈھانچے مسمار کر دیے گئے ہیں اس کارروائی نے علاقے میں بڑے پیمانے پر غم و غصے کو جنم دیا ہے۔ انتظامیہ نے جموں خطے کے علاقے (بقیہ نمبر 37)

ایران کو طاقت کے ذریعے مجبور کرنا خوش فہمی، مسعود

ایران نے اپنے وعدوں پر مسلسل عمل کیا، جنگ روکنے کیلئے تمام آپشنز تلاش کیے

تہران (اے ایف پی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے لکھا کہ ایران کو طاقت کے ذریعے ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا محض ایک خوش فہمی ہے۔ انہوں نے یہ بات سوشل نیٹ ورک ایکس پر اپنے ایک پیغام میں کہی۔ ایرانی صدر نے لکھا کہ ایران نے اپنے وعدوں پر مسلسل عمل کیا ہے اور جنگ کو روکنے کے لیے تمام آپشنز تلاش کیے ہیں، ہماری طرف سے تمام (بقیہ نمبر 36)

پاکستان، کویت کا میری ٹائم سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چودھری سے کویتی سفیر ناصر عبدالرحمٰن جاسر المطیری نے ملاقات کی

پاکستان میں انرجی سٹوریج قائم کرنے کے منصوبے پر کام جاری، کویتی سفیر کی پاکستان کے بحری، توانائی منصوبوں میں دلچسپی

کراچی (اے ایف پی) پاکستان اور کویت کے درمیان میری ٹائم سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چودھری سے کویتی سفیر ناصر عبدالرحمٰن جاسر المطیری نے ملاقات کی جس میں انرجی سٹی اور بندرگاہی انفراسٹرکچر منصوبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جنید انوار (بقیہ نمبر 40)

17 سالہ لڑکی کو زبردستی والد کیساتھ نہیں بھیجا جا سکتا

لڑکی کو دارالامان سے رہا کر کے اس کی مرضی کی جگہ رہنے دیا جائے، عدالتی فیصلہ

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائی کورٹ ملتان بینچ نے 17 سالہ لڑکی کی بازیابی سے متعلق درخواست پر فیصلہ جاری کر دیا، 9 صفحات پر مشتمل عدالتی فیصلے میں قرار دیا گیا ہے کہ 15 سال سے زائد عمر کا بچہ اگر اپنی مرضی سے کسی کے ساتھ رہ رہا ہو تو اسے (بقیہ نمبر 41)

ڈیرہ غازیخان میں پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے پر دونوں ممالک کے قومی پرچم لہرائے جا رہے ہیں

جے یو آئی کا آج مہنگائی کیخلاف مظاہروں کا اعلان

مولانا فضل الرحمٰن کی اپیل پر آج جمعہ قوم مہنگائی کے خلاف میدان میں نکلے گی

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نے مہنگائی کے خلاف آج بروز جمعہ کو صوبے بھر میں مظاہروں کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں ضلعی و تحصیل ہیڈکوارٹرز میں احتجاجی مظاہرے ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار جے یو آئی پنجاب کے قائم مقام امیر مولانا صفی اللہ، سیکرٹری جنرل حافظ نصیر احمد احرار اور صوبائی ترجمان حافظ غضنفر عزیز نے (بقیہ نمبر 42)

جعلی نوٹوں سے جانور خریدنے والا

نیٹ ورک متحرک، ملزم گرفتار

لاہور (اے ایف پی) ملک میں عیدالاضحیٰ کے قریب آتے اور قربانی کے جانوروں کی خریداری کا رجحان بڑھنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ جرائم بھی بڑھ رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق لاہور میں شاہدرہ ٹاؤن کے علاقے میں (بقیہ نمبر 43)

ملازمین کو مستقل نہ کرنے پر چیئرمین کو شوکاز نوٹس جاری

پرانے ملازمین کو مستقل کرنے کے بجائے کے پی ٹی نے نئی بھرتیوں کا اشتہار دیا

کراچی (اے ایف پی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ میں ملازمین کو مستقل نہ کرنے پر چیئرمین کے پی ٹی کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے چیئرمین کے پی ٹی شاہد احمد کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے 25 مئی کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ کیس کی پیروی کیلئے کے پی ٹی کے وکیل کی عدم پیشی پر عدالت نے (بقیہ نمبر 45)

قتل کا الزام، کیوبا کے سابق

صدر راؤل کاسترو پر فردِ جرم عائد

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا نے کیوبا کے سابق صدر راؤل کاسترو پر قتل کے الزام میں فرد جرم عائد کر دی۔ امریکی حکام کے مطابق امریکی قائم مقام اٹارنی جنرل کا راؤل (بقیہ نمبر 44)

ٹرانسفارمر جلنے سے گاؤں میں کرنٹ پھیل گیا، 2 جاں بحق

واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور ضلعی انتظامیہ فوری طور پر موقع پر پہنچیں، ڈپٹی کمشنر بٹ گرام کا بیان

کرنٹ لگنے سے زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں طبی امداد فراہم کی جا رہی

بٹگرام (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے ضلع بٹگرام کی تحصیل آلائی میں ایک ٹرانسفارمر جلنے کے بعد پورے گاؤں میں کرنٹ پھیل گیا جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ کرنٹ پھیلنے کی وجہ سے گاؤں کے 4 گھروں میں اچانک آگ بھی بھڑک اٹھی۔ ڈپٹی کمشنر بٹگرام کے مطابق واقعہ (بقیہ نمبر 56)

موجودہ نظام پر مافیاز کا مکمل قبضہ ہے، جاوید قصوری

آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، مافیا نے غریب عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب اور متوسط طبقے سے دو وقت کی روٹی بھی (بقیہ نمبر 57)

فیصل آباد میں پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے پر کمشنر، ڈپٹی کمشنر پرچم لہرا رہے ہیں

جماعت اسلامی رہنماؤں کا میاں

مقصود کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری، سیکرٹری جنرل ڈاکٹر بابر رشید، نائب امراء ذکر اللہ مجاہد، نصر اللہ گورائیہ، رانا عبدالوحید، نائب قیمین رانا تحفہ دستگیر، رحمت اللہ وٹو، اویس گھمن، مہر (بقیہ نمبر 55)

علی امین کو وزیراعلیٰ بناؤ، مروت نے درخواست دیدی

سہیل آفریدی کی بطور وزیراعلیٰ تقرری کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت میں علی امین گنڈاپور کی بطور وزیراعلیٰ بحالی کی درخواست دائر کردی گئی جو کہ شیر افضل مروت کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت میں دائر کی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ علی امین گنڈاپور کے استعفیٰ کو غیر آئینی اور کالعدم قرار دیا جائے، علی امین گنڈاپور کو ڈی نوٹیفائی کرنا (بقیہ نمبر 58)

کراچی، مبینہ پولیس مقابلے

میں زخمی سمیت 3 ڈاکو گرفتار،

اسلحہ و موٹرسائیکل برآمد

کراچی (اے ایف پی) کراچی کے علاقے مومن آباد میں پولیس نے اورنگی ٹاؤن نمبر 10 کے قریب اتفاق قبرستان کے پاس مبینہ مقابلے کے دوران زخمی سمیت تین ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ چھیپا حکام کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں

ANF کارروائیاں، 200 کلو زائد منشیات برآمد

لاہور، پشاور، اسلام آباد، سیالکوٹ اور کراچی میں چھاپے، اسلحہ بھی برآمد

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے 7 کارروائیوں میں 200.81 کلو منشیات برآمد کرتے ہوئے نائجیرین خاتون اور مرد سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں لاہور، کال شاہ کاکو، پشاور، اسلام آباد، سیالکوٹ اور کراچی میں کی گئیں، کارروائیوں کے دوران 156 کلو 410 گرام چرس، 28 کلو 20 (بقیہ نمبر 59)

دو بھائیوں کو قتل کرنیکا مقدمہ، مجرم کی

اپیل مسترد، سزائے موت برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابقہ دشمنی پر دو بھائیوں کو قتل کرنے کے مقدمے میں سزائے موت پانے والے مجرم علی شان کی اپیل مسترد کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی دو مرتبہ پھانسی کی سزا برقرار رکھی ہے۔ جسٹس فاروق حیدر اور (بقیہ نمبر 60)

ساہیوال میں پاک چین دوستی کے 75 سال مکمل ہونے پر کمشنر و دیگر افسران کا گروپ فوٹو

عید پر لوڈشیڈنگ سے بچاؤ کے لئے لیسکو متحرک

صارفین کے مسائل کے فوری، مؤثر اور شفاف حل کیلئے اقدامات مسلسل جاری ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے سی ای او انجینئر رمضان بٹ کی زیر صدارت لیسکو ہیڈکوارٹر میں ای کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں صارفین کی شکایات اور مسائل تفصیل سے سنے گئے۔ ای کچہری کے دوران سی ای او لیسکو نے موصول ہونے والی شکایات پر متعلقہ افسران کو فوری ازالے کی ہدایات جاری کیں جبکہ عیدالاضحیٰ کے دوران (بقیہ نمبر 53)

سپیشل سکواڈ کی نقل میں ملوث طلباء کیخلاف کارروائیاں

وزیرتعلیم کی امتحانی سنٹرز کی مانیٹرنگ مزید سخت اور وسیع کرنے کی ہدایت

وزیرتعلیم رانا سکندر حیات کی اپنے مانیٹرنگ سکواڈ کو بہترین کارروائی پر شاباش

نقل میں ملوث طلبا سے کسی بھی قسم کی رعایت نہیں کی جائے گی، وزیرتعلیم

لاہور (این این آئی) وزیرتعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کے سپیشل سکواڈ کی امتحانی مراکز میں نقل کلچر کی حوصلہ شکنی کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔ عثمان مہر، سکندر خان اور طلحہ صابر پر مشتمل وزیر تعلیم کی مانیٹرنگ ٹیموں نے لاہور، مظفرگڑھ، چکوال، بھکر، بہل، مبارکپور، منگووال سمیت دیگر اضلاع کے امتحانی سنٹرز کی سرپرائز چیکنگ کی اور جاری انٹرمیڈیٹ امتحانات کی شفافیت کا جائزہ لیا۔ عثمان مہر نے انگلش کے پرچے کے دوران سنٹر آف ایکسیلینس (بقیہ نمبر 54)

ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر سمیع اللہ ہسپتال دورہ کے موقع پر ملازمین کی حاضری چیک کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان کا آج ملک بھر میں احتجاج کا اعلان

عوام اپنے حقوق کی خاطر ان احتجاجی مظاہروں میں بھرپور اور فعال شرکت کریں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک میں مہنگائی اور بدامنی کے خلاف جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کل ملک بھر میں احتجاج کا اعلان کر دیا۔ جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) نے ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی، دہشت گردی کی حالیہ لہر اور کمر توڑ مہنگائی کے خلاف کل ملک بھر میں بھرپور ''یوم احتجاج'' منانے کا اعلان کر دیا ہے۔ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی خصوصی اپیل پر جماعت نے احتجاجی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ ترجمان (بقیہ نمبر 62)

ڈیرہ مراد جمالی، ڈی سی چوک کے قریب بازار میں دھماکا

دستی بم دھماکے میں 4 پولیس اہلکار اور 9 شہری زخمی ہوئے ہیں، ایس ایس پی اسد اللہ

نصیر آباد (سی ایم لنکس) بلوچستان کے ضلع نصیر آباد کے شہر ڈیرہ مراد جمالی میں ڈی سی چوک کے قریب مین بازار میں دستی بم کا دھماکا ہوا ہے۔ ایس ایس پی اسد اللہ کے مطابق موٹر سائیکل نامعلوم ملزمان ڈی سی چوک کے قریب مین بازار میں دستی بم پولیس موبائل پر پھینک کر فرار ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ دستی بم دھماکے میں 4 پولیس اہلکار اور 9 شہری زخمی ہوئے ہیں۔ دھماکے کے فوری بعد پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی نفری موقع پر (بقیہ نمبر 63)

چیئرمین سینیٹ کا پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ پاکستان، جناب سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان پارلیمانی امور، سول سروس تربیت، قانون سازی کے تحقیقی شعبوں، ڈیجیٹل گورننس، عوامی پالیسی اور قیادت سازی کے میدان میں ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی ایشیا کا مستقبل تعمیری روابط، باہمی احترام اور عوامی سطح پر مضبوط تعلقات سے وابستہ ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بنگلہ دیش سول سروسز وفد کے لیے سول (بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

26 نومبر احتجاج، پی ٹی آئی ارکان اسمبلی و رہنماؤں کو ریلیف

پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 26 نومبر، سپریم کورٹ و دیگر احتجاجوں پر درج مقدمات میں 243 ضمانت کی درخواستوں پر سماعت

واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف تھانہ کوہسار، کھنہ، ترنول، کراچی کمپنی، سیکرٹریٹ و دیگر میں مقدمات درج ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے مختلف مقدمات میں پی ٹی آئی ارکان اسمبلی اور رہنماؤں کو 23 جولائی تک گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 26 نومبر، سپریم کورٹ و دیگر احتجاجوں پر درج مقدمات (بقیہ نمبر 47)

پاکستان بنگلا دیشی طلبہ کو 500 اسکالرشپس فراہم کریگا

پاکستان بنگلا دیش نالج کوریڈور کا دوسرا مرحلہ 10 مئی کو ڈھاکہ میں شروع کیا گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کی نے آئندہ پانچ برسوں میں بنگلا دیشی طلبہ کو 500 اسکالرشپس فراہم کرنیکا اعلان کیا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے اگست 2025 کے دورہ بنگلا دیش (بقیہ نمبر 46)

سیشن جج نارووال عارف حمید ضلعی کریمینل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ کریمینل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

مقدمات کے چالان جلد از جلد متعلقہ کورٹس میں جمع کروائیں، سیشن جج

نارووال (این این آئی) ڈسٹرکٹ کریمینل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی نارووال کا اجلاس ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نارووال میں منعقد ہوا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نارووال محمد عارف حمید شیخ نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں معزز ججز صاحبان کے علاوہ اے ڈی سی آر میڈم سارا لونی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ملک محمد نوید ملک سمیت مختلف محکموں کے (بقیہ نمبر 51)

ملک بھر سے 60 پروازیں

منسوخ، 14 میں غیر معمولی تاخیر

کراچی (اے ایف پی) ملک بھر سے جمعرات کو 60 پروازیں منسوخ ہوگئیں جبکہ 14 غیر معمولی تاخیر کا شکار ہوئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے جدہ، دوحہ، دبئی، شارجہ، مدینہ منورہ، نجف اور ابوظہبی کی (بقیہ نمبر 48)

میرواعظ مولوی محمد فاروق اور

عبدالغنی لون کا یوم شہادت عقیدت

واحترام سے منایا گیا

مظفر آباد، سرینگر (اے ایف پی) کنٹرول لائن کے دونوں اطراف کشمیر میں تحریک آزادی جموں و کشمیر کے عظیم کشمیری رہنماؤں میر واعظ مولوی محمد فاروق اور خواجہ (بقیہ نمبر 49)

ڈکیتی واردات، 40 تولے سونا، لاکھوں نقدی لوٹ لی

دو ڈاکوؤں نے اہلخانہ کو یرغمال بنالیا واردات کے بعد فرار، پولیس کی تفتیش جاری

لاہور (این این آئی) کاہنہ میں ایک گھر میں ڈکیتی کی بڑی واردات پیش آئی جہاں دو مسلح ڈاکو اہلخانہ کو یرغمال بنا کر 40 تولے سونا اور لاکھوں روپے نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واردات کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے جبکہ ملزمان کی تلاش کیلئے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق د (بقیہ نمبر 52)

ڈی پی او قصور کی کھلی کچہریاں،

مسروقہ مال اصل مالکان کے حوالے

چونیاں (این این آئی) ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان کی کھڈیاں اور چھانگا مانگا کھلی کچہریاں، 40 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کر دیا۔ ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان نے 02 تھانوں چھانگا مانگا اور کھڈیاں میں کھلی کچہریوں (بقیہ نمبر 50)

ججز آئین، قانون کے مطابق فیصلے کریں، جسٹس نیلم

پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں نئے بھرتی ہونے والے سول ججوں کی تقریب حلف برداری منعقد ہوئی، رجسٹرار ہائیکورٹ نے حلف لیا

عوام کی عدالتوں سے توقعات وابستہ ہیں، اس لیے ججوں کو چاہیے کہ وہ فوری اور شفاف انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں

لاہور (اے ایف پی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے کہا ہے کہ انصاف کی فراہمی ایک مقدس ذمہ داری ہے، عدلیہ پر عوامی اعتماد ججز کے کردار، رویے اور فیصلوں سے مضبوط ہوتا ہے، نئے سول ججوں کو اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں دیانت، غیر جانبداری اور قانون کی بالادستی کو مقدم رکھنا ہوگا۔ پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں نئے بھرتی ہونے والے سول ججوں کی تقریب حلف برداری منعقد ہوئی، رجسٹرار ہائیکورٹ نے حلف لیا، تقریب میں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ ڈی جی جوڈیشل اکیڈمی جسٹس ریٹائرڈ سردار احمد نعیم سمیت دیگر نے شرکت کی۔ تقریب سے چیف جسٹس ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی عدالتوں سے توقعات وابستہ ہیں، اس لیے ججوں کو چاہیے کہ وہ فوری اور شفاف انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا (بقیہ نمبر 64)

غیرملکیوں کو جعلی پاکستانی شناختی کارڈ دینے والا گینگ بے نقاب

گرفتار ملزمان غیرملکی شہریوں کو جعلی اور غیرقانونی طریقے سے پاکستانی خاندانوں کے فیملی ٹری میں شامل کرتے تھے

ابتدائی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ایف آئی آر درج جبکہ ثبوت وشواہد کے ساتھ نادرا حکام کو بھی خطوط لکھے جا رہے ہیں

پشاور (اے ایف پی) پشاور کی فقیر کالونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیرملکیوں کو جعلی پاکستانی شناختی دستاویزات فراہم کرنے والے ایک منظم گینگ کو بے نقاب کر کے 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی ریشم کے مطابق، گرفتار ملزمان غیرملکی شہریوں کو جعلی اور غیرقانونی طریقے سے پاکستانی خاندانوں کے فیملی ٹری میں شامل کرتے تھے۔ یہ نیٹ ورک صوبے بھر میں پھیلے اپنے ایجنٹس کے ذریعے سرگرم تھا اور بھاری رقوم کے عوض جعلی شناختی کارڈز اور دیگر سرکاری دستاویزات تیار کرواتا تھا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق اس نیٹ ورک کے تانے بانے نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ممالک تک بھی پھیلے ہوئے ہیں، اور اس سے شناختی دستاویزات حاصل کرنیوالے بعض غیر ملکی عناصر حساس معلومات اکٹھی کرنے میں بھی ملوث رہے ہیں۔ ایس پی کا مزید کہنا ہے کہ اس جعل سازی میں کئی سرکاری ملازمین کے ملوث ہونے کا بھی قوی امکان ہے، جس کے باعث معاملے کی گہرائی تک پہنچنے کے لیے وفاقی تحقیقاتی ادارے سے مدد لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 61)